عورت اور ازدواجی حقوق

اسلام، پاکستان اور دیگر مذاہب میں

ویمن اینڈ فیملی کمیشن

جماعت اسلامی حلقہ خواتین

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوان
01	دیباچہ
02	نکاح کی تعریف
03	شادی کے ملزمات
04	عورت کے ازدواجی حقوق اسلام کی روشنی میں
05	شادی اور ازدواجی حیثیت دیگر مذاہب میں
06	پاکستان میں رائج فیملی لائز پر ایک نظر
07	سفارشات
08	حوالہ جات
09	تشکر
10	ضمیمہ پاکستان میں رائج فیملی لائز

بسم الله الرّحمٰن الرّحيم

O, my God!

This is all because of you;

All bad from mw, and

All good from you.

All blames belong to me, and

All fames belong to you.

O, my God

This is all because of you

SHEIKH ZAYD ISLAMIC CENTRE
UNIVERSITY OF KARACHI

محترمہ عطیہ نثار صاحبہ

صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن سندھ

کراچی

آپ کے ارسال کردہ مسودات جو خواتین کے حقوق کے سلسلے میں ہیں میں نے مطالعہ کر لئے ہیں ان مسوات میں اسلامی قوانین ہیں اور قرآن وسنت کے حوالے سے خواتین کے حقوق پر جو مواد جمع کیا گیا ہے وہ اساسی نوعیت کا ہے اور اسی پر حقوق نسواں کے تمام مسائل متشرع ہوتے ہیں۔ حقوق نسواں کے حوالے سے مغربی پروپیگنڈا جو یہ ثابت کرنے میں ایڑی چوٹی کا زور صرف کئے ہوئے ہے کہ اسلام میں عورتوں کے حوالے سے اعتدال نہیں پایا جاتا بلکہ یہاں تک کہنے سے بھی گریز نہیں کیا جاتا کہ عورتوں کے حقوق کے معاملے میں اسلام میں شدت، تنگ نظری اور تعصب پایا جاتا ہے، زیر نظر مسودات سے اس پروپیگنڈا کا موثر توڑ، جواب اور سدباب ممکن ہو گا

یہ بات بھی دیباچہ میں واضح کرنے کی ضرورت ہے کہ ہر قوم کا اپنا کلچر ہوتا ہے اور کلچر کے معاملات میں ہر قوم آزادی و خود مختاری کی علم بردار ہے اور عالمی سطح پر یہ بات طے شدہ ہے کہ کوئی کسی پر جبراً اپنا نظریہ اور اپنا کلچر مسلط نہیں کر سکتا کہ یہ بنیادی انسانی حقوق کے خلاف

ہے لہذا اسلامی تہذیب و ثقافت کا بھی اپنا انداز اور اپنی روایات ہیں جنہیں اپنانے اختیار کرنے اور جن کی حفاظت کرنے کا حق مسلم قوم کو فطری طور پر بھی اور UNO کے چارٹر کے تحت بھی حاصل ہے چنانچہ اسلامی کلچر میں اگر بعض چیزیں ایسی بھی ہوں جو کسی اور کلچر میں ناپسندیدہ ہوں تو ہوا کریں اس پر اعتراض کرنا بے جا اور بنیادی انسانی حقوق کے چارٹر کے خلاف ہے۔ اگر بعض معاملات میں مسلم عورت کو وہ حقوق حاصل نہ بھی ہوں جنہیں مغربی معاشرہ حق سمجھتا ہے (جیسے ہم جنس پرستی وغیرہ) تو اسے مسلم خواتین کے حقوق میں کمی یا زیادتی نہیں کہا جاسکتا کہ اسلام میں اسے حق تسلیم ہی نہیں کیا گیا۔ مسلم خواتین کو بھی چاہیے کہ وہ حقوق کی بات کرتے ہوئے اس بات کو پیش نظر رکھیں کہ مخلوق کا حق وہی ہے جو خالق نے عطا کر دیا ہے۔ بلا واسطہ ہو یا بالواسطہ اور جسے خالق نے حق نہیں کہا اسے مخلوق کو بھی حقوق کے زمرے میں شامل نہیں کرنا چاہیے

واللہ اعلم الصواب

ڈاکٹر نور احمد شاہتاز

ڈائریکٹر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

حقیقی تعلیم و شعور کی آگہی نہ ہونے کہ وجہ سے جہاں ہمارے معاشرے کو ہر میدان میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑرہا ہے وہیں سماج کی اہم ترین اکائی "خاندان" سب سے زیادہ مغموم و متاثر ہے۔

خاندان کو بنانے والے دو بنیادی کردار ہمیشہ "میاں بیوی" ہی ہوتے ہیں۔ اگر ان دو افراد کے درمیان تعلقات کا تنا مضبوط اور ترو تازہ ہو گا اتنا ہی اس سے نکلنے والی شاخیں بالیدہ اور سایہ دار ہو نگی جو موجودہ دور اور آئندہ آنے والی نسلوں کی بہترین افزائش کا ذریعہ ہو نگی۔

شادی کے بندھن میں داخل ہوتے وقت ان دونوں افراد کو اپنے اپنے حقوق و فرائض، معاشرے میں اپنے بدلتے ہوئے کردار ایک نیم ذمہ دار سے مکمل ذمہ دار فرد بننے کی مکمل تعلیم و تربیت حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔ اسکی ذمہ داری بنیادی طور پر ان دونوں افراد کے سرپرستوں یا خاندان اور معاشرے کے دیگر ذمہ دار افراد پر عائد ہوتی ہے

اسلام کہاں اور کس حد تک ایک عورت کو ازدواجی بندھن میں بندھنے کے بعد حقوق دیتا ہے دیگر مذاہب میں کیا تعلیمات ہیں اور پاکستان کا قانون اپنے بنیادی آئین (قرآن و سنت) سے

کس حد تک مطابقت رکھتا ہے۔ ان تمام موضوعات کو ہم نے اس مختصر کتابچے میں قلمبند کرنے کی کوشش کی ہے۔

ہمیں امید ہے کہ یہ کتابچہ معاشرے کی سب سے خوبصورت رشتے کی ڈور کو پائیدار اور دلکش بنانے میں معاون ثابت ہو گا۔ انشاءاللہ

ڈاکٹر فرح اسلم

مارچ2010

دیباچہ

موجودہ زمانے میں حقوق نسواں کی تحریکیں، ادارے اور این۔جی۔ اوز زور و شور سے عورتوں کو ان کے حقوق دلوانے کے لئے سرگرام ہیں۔ مختلف مباحثوں، سیمینار، کنونشن اور قرار دادوں کے ذریعے عورت کو شعور وادراک دیا جارہاہے کہ اس کے کیا حقوق ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ عورتوں کے ساتھ امتیازی سلوک کا خاتمہ اور انہیں مردوں کے شانہ بشانہ کھڑا کرنا ہی ان تحریکوں کا ہدف ہے۔ اقوام متحدہ اس مقصد کے لئے وسائل اور فکری مواد دونوں فراخدلی کے ساتھ فراہم کر رہاہے۔ ایسے تمام عناصر کو بہت محنت سے اجاگر کیا جارہاہے جو عورتوں کے ساتھ امتیازی برتاؤ کرتے ہیں اس محنت اور غوطہ زنی کے نتیجہ میں جو نام سامنے آئے ہیں ان میں اسلام اور پاکستان بہت اہم ہیں۔ یہ کہا جارہاہے کہ اسلام عورتوں سے امتیازی سلوک کرتا ہے۔ اسلام کے معاشرتی ضابطے عورتوں کو فائدہ نہیں دیتے اس لئے اقوام متحدہ کے چارٹر کی دنیا کی تمام عورتوں کو پابندی کرنی چاہیے۔ دنیا کے تمام ممالک خصوصاً اسلامی ممالک کو اپنی اقدار میں واضح تبدیلی کرتے ہوئے اس کو چارٹر کے مطابق ڈھال لینا چاہیے

ویمن اینڈ فیملی کمیشن اس بات پر یقین رکھتاہے کہ جس رب نے ہمیں بنایا اور نعمتوں سے مالامال کیا وہ اپنے بھیجے ہوئے دین میں کسی بھی مخلوق کے ساتھ کوئی امتیازی رویہ نہیں روا رکھتا (وہی نہ جانے گا جس نے پیدا کیا (القرآن) عورتوں کے حقوق کیا ہیں اسلام نے انہیں کیا حقوق دیئے ہیں اور جدید دنیا کی عورتوں کے حقوق کے لحاظ سے کیا صورتحال ہے اور ان سے امتیازی سلوک کیا ہے؟ ان سوالات کے اطمینان بخش جوابات حاصل کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

ویمن اینڈ فیملی کمیشن جماعت اسلامی کی اسلام میں عورتوں کو دیئے گئے حقوق سے دنیا کو متعارف کرانے کی کوشش ہے۔ زیر نظر کتابچہ عورتوں کے ازدواجی حقوق سے متعلق ہے۔ اسلام میں عورتوں کو کون سے ازدواجی حقوق حاصل ہے۔ دنیا میں عورتوں کے ازدواجی حقوق کی کیا صورتحال ہے؟ نیز عورتوں کی بہتر اور خوش آئند زندگی کا لائحہ عمل کیا ہو؟ زیر نظر کتابچہ ان تمام نکات پر بحث کرتا ہے

ویمن اینڈ فیملی کمیشن اپنے تمام ممبران خصوصا فرح اسلم نائب صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن (سندھ) کا شکر گزار ہے، جن کی کاوشوں اور شبانہ روز جدوجہد کی وجہ سے یہ کام مکمل ہو سکا ہے۔

سمیحہ راحیل قاضی

صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن

جماعت اسلامی ، حلقہ خواتین

اسلام نے خاندان کی بنیاد جائز ازدواجی تعلق اور خونی رشتوں پر رکھی ہے۔اس نے کہا کہ اس کے بغیر کوئی شخص خاندان کا فرد شمار نہیں ہو گا اور اسے خاندان کے حقوق حاصل نہیں ہوں گے۔ ایک خاندان کی بنیاد کا آغاز ایک عورت اور ایک مرد کے درمیان نکاح کے تعلق سے شروع ہوتا ہے۔

نکاح کی تعریف

نکاح قرآن و سنت میں ایک اصطلاحی لفظ ہے۔جس سے مراد لازماً عقدِ تزویج ہی ہے اور جب یہ مطلق استعمال ہو گا تو اس سے مراد عقد ہی لیا جائے گا اِلّا یہ کہ کوئی قرینہ اس بات پر دلالت کرتا ہو کہ یہاں مراد محض وطی یا عقد مع الوطی ہے۔رہی وطی بلا عقد تو اس کے لئے لفظ نکاح کے استعمال کا جواز لغت میں تو ہو سکتا ہے، لیکن قرآن و سنت میں اس کی کوئی مثال میرے علم میں نہیں ہے۔اس کے لئے شرعاً زنا اور سفاح کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔(سید ابوالاعلی مودودیؒ ترجمان القرآن جلد 58،عدد6 ستمبر 1962)

شادی (نکاح) ایک بالغ مرد اور عورت کے درمیان قانونی بندھن ہے۔جس کے بعد ان کے درمیان جنسی تعلق اور جائز تناسل مکمل طور پر جائز اور حلال قرار پاتا ہے (ہدایہ از ابو بکر مرغیانی)

اسلام یہ چاہتا ہے کہ نکاح کا اعلان اور اظہار ہو تا کہ معاشرہ اس بات سے واقف ہو کہ فلاں مرد اور عورت کے درمیان ازدواجی رشتہ قائم ہو گیا ہے وہ ایک دوسرے کے شریک حیات ہیں اور اسکی اخلاقی اور قانونی ذمہ داریاں اٹھانے کا عہد کر چکے ہیں۔وقت ضرورت معاشرہ خود بھی ان ذمہ داریوں کے ادا کرنے میں انکی مدد کر سکے اور اس معاملے میں ان سے غفلت ہو تو گرفت کر سکے۔اسی

لئے نکاح کے ثبوت کے لئے کم از کم دو گواہوں کا ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ جن کے بغیر نکاح نہیں ہو سکتا۔ چناچہ حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا:

"نکاح ولی اور دو عادل گواہوں کے بغیر نہ ہو گا۔ جو نکاح اس سے ہٹ کر ہو وہ باطل ہے۔ اگر آپس میں اختلاف ہو تو جس کا کوئی ولی نہیں سلطان (مسلمان حاکم) اس کا ولی ہو گا"

شادی کے ملزومات

قرآن و سنت اور فقہاء کرام کے ارشادات کی روشنی میں ملزومات درج ذیل ہیں

- نکاح ایک مسلمان بالغ ہوشمند مرد اور ایک مسلمان بالغ ہوشمند عورت کے درمیان ان کی باہمی رضامندی سے قانونی معاہدہ ہونا چاہیے
- جائز نکاح کے لئے ولی کی مرضی ہونا لازم ہے
- نکاح کے وقت دو عال گواہوں کی موجودگی اور گواہی ضروری ہے
- نکاح کی شرائط میں مہر کی ادائیگی بھی لازم قرار دی گئی ہے
- نکاح کے بعد منکوحہ افراد کے درمیان جنسی تعلق ہو

عورت کے ازدواجی حقوق اسلام کی روشنی میں

مناسب عمر میں نکاح کا حق

جب لڑکے اور لڑکی میں حق زوجیت ادا کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے تو اسلام ان کے نکاح کر دینے کی تاکید کرتا ہے

سورۃ نور آیت نمبر 4 :

"تم میں جو بے نکاح ہوں ان کا نکاح کر دیا جائے اور تمہارے غلام لونڈیوں میں سے جو اس لائق ہو اس کا بھی"

اس آیت سے بات کھل کع معلوم ہو گئی کہ جو مرد یا عورت شادی کے لائق ہوں ان کی شادی کر دی جائے اور یہ شادی کرنے کی ذمہ داری ولی کے سر بھی ہے اور دیگر خاندان اور معاشرے کے ذمہ دار افراد پر بھی۔ اس سلسلے میں پورے خلوص اور ایمانداری سے سب معاشرے کے بزرگوں کو اپنا حصّہ ادا کرنا چاہیے۔

رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ:"ترک نکاح اسلام میں نہیں ہے"

حضرت انسؓ فرماتے ہیں:" رسول ﷺ ہمیں شادی کا حکم دیتے تھے اور ترک نکاح سے منع فرماتے تھے"

- مسلمان مرد کا نکاح مسلمان عورت سے یا اہل کتاب کی پاک عورتوں سے انہیں مسلمان کرنے کے بعد نکاح واجب ہے (اگر اولاد کے مذہب پر اثر نہ پڑے۔ اس صورت میں اہل کتاب

عورتوں سے نکاح جائز ہے) مسلمان عورت کے لئے صرف مسلمان مرد سے نکاح کی اجازت دی گئی ہے۔

- نکاح کے لئے ہم پلّہ رشتہ دیکھنے کی اسلام میں اجازت ہے مگر افضلیت دین کو مقدّم رکھنے کو دی گئی ہے
- لڑکی کے نکاح کے لئے ولی یا سرپرست کی اجازت اور آمادگی اس لئے ضروری ہے کہ لڑکی کے ماں باپ زیادہ تجربہ کار اور معاملہ فہم ہوتے ہیں اس لئے ان سے غلطی کا امکان کم ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ لڑکی کے خیر خواہ ہوتے ہیں، وہ بہر حال اسے دھوکہ نہیں دے سکتے۔

لیکن اس کے ساتھ ہی ولی یا سرپرست کو بھی اس بات کی اجازت نہیں دی گئی ہے کہ وہ کسی بالغ لڑکی یا لڑکے کا نکاح اس کی مرضی کے بغیر کر دیں۔ والدین مشورہ دے سکتے ہیں مگر دباؤ نہیں ڈال سکتے اور جبر نہیں کر سکتے شادی کرنے والوں کو بھی چاہیے کہ اپنے بزرگوں کے مشوروں کو قبول کریں کہ ان کی رائے پختہ ہوتی ہے اور محبت و شفقت کی ہوتی ہے۔

اسلام ایک بالغ لڑکی یا لڑکے کو ان کی اپنی مرضی سے نکاح کر کے پاکیزہ تعلق قائم کرنے کا حق دیتا ہے۔ یہ ہر اولاد کا ان کے والدین یا ولی پر حق ہے۔

بیوی کے انتخاب کے لئے درج ذیل احکامات ہیں

ارشاد نبوی ﷺ ہے: ”عورت سے چار چیزوں کی وجہ سے شادی کی جاتی ہے اس کی مالداری کی وجہ سے، حسب نسب کی وجہ سے، خوبصورتی کی وجہ سے اور اس کی دین داری کی وجہ سے پس دیندار کو لے کر کامیاب ہو“ (صحیح بخاری باب الاکفاء فی الدین)

”جس شخص کو یہ چار چیزیں حاصل ہو جائیں اس کو دین و دنیا دونوں کی بہتری حاصل ہو گئی ایک شکر گزار دل، دوسرے ذاکر زبان، تیسرے مصائب پر صبر کرنے والا جسم اور چوتھے ایسی بیوی جو گناہ سے اجتناب کرنے والی اور شوہر کے مال کی محافظ ہو“

اسی طرح شوہر کے انتخاب کے لئے بھی احکامات نبوی ﷺ ہیں ”تمہارے پاس جب کوئی ایسا شخص نکاح کا پیغام لے کر پہنچے جس کا دین و اخلاق تم کو پسند ہے تو اس سے شادی کر دو ورنہ زمین میں فتنہ فساد پھیل جائے گا“

فقہاء کرام کے مطابق:

”عورت ایسے مرد کو اپنا شوہر بنائے جو دیندار، با اخلاق اور وسیع نظر ہو عورت ایسے مرد کو شوہر نہ بنائے جو دین سے بیگانہ ہو“

”باپ اپنی جوان بیٹی کو کسی بوڑھے اور بد صورت مرد سے نہ بیاہے“ یہ کنواری لڑکی کے احکامات ہیں

بیوہ یا مطلقہ کے لئے درج ذیل ہدایات ہیں

حدیث

- ”شوہر دیدہ عورت کی شادی اس وقت تک نہ کی جائے جب تک اس سے حکم نہ لے لیا جائے اور کنواری عورت کا نکاح اس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اس کی اجازت نہ کر لی جائے“
- ایک اور حدیث ہے: ”وہ عورت جو شوہر دیکھ چکی ہے بذات خود ولی سے زیادہ حقدار ہے اور کنواری سے اس کا باپ اجازت حاصل کرے اور اس کی اجازت اس کا چپ رہنا ہے“

- اسلام عورت کو مناسب وقت پر پاکیزہ نکاح کا اپنی مرضی اور ولی کی رضامندی سے نکاح کا حق دیتاہے اوراس کے لئے اس کی فلاح کی خاطر مناسب شرائط اورواجبات بھی تجویز کرتا ہے

کفو کا حق

ازدواجی تعلق میں مودت و محبت اور خوشگواری کی وجہ سے خود مسلمانوں میں بھی بعض چیزوں میں کفو کا اعتبار کیا گیاہے مثلاً یہ کہ نیکوکار عورت کی شادی بدکار مرد سے نہ کی جائے گی قرآن پاک نے بتایا(النور03):

”زانی نکاح بھی کسی کے ساتھ نہیں کرتا سوائے زانیہ کے یا مشرکہ کے اور زانیہ کے ساتھ بھی اور کوئی نکاح نہیں کرتا سوائے زانی یا مشرک کے اور یہ مسلمانوں پر حرام کیا گیاہے“

اس سے معلوم ہوا کہ زناکار مرد اور زناکار عورت نیک مرد اور نیک عورت کے نہیں بلکہ وہ آپس میں ایک دوسرے کے کفو ہیں۔

قرآن پاک کے مطابق: ”کیا ایمان لانے والا (پستی و ذلت) اس درجہ میں ہو گا جس میں نافرمان ہے ؟ ہرگز دونوں برابر نہیں ہوسکتے“

اسی طرح عمر میں بھی کفو ملحوظ خاطر رکھنے کی تاکید ہے۔ سرور کائنات ﷺ نے اپنی بیٹی حضرت فاطمہؓ کی شادی میں ہم عمری کالحاظ رکھا تھا۔فقہائے کرام لکھتے ہیں : ”باپ اپنی جوان لڑکی کی کسی بوڑھے اوربدصورت مرد سے شادی نہ کرے“

کفاءت کا سوال عورت کے سلسلے میں پیدا ہوتا ہے مرد کے بارے میں سب کا اتفاق ہے کہ وہ اپنے سے کم تر حیثیت کی عورت سے نکاح کر سکتاہے۔ البتہ زیادہ تر فقہاء کرام کے نزدیک عورت کا

نکاح اس کی حیثیت یا اس سے بر تر حیثیت کے مرد سے ہونا چاہیے ورنہ وہ اسے اپنی ذلت محسوس کرے گی اور ازدواجی تعلقات پر اس کا خراب اثر پڑے گا

فقہ حنفی میں کہا گیا ہے کفاءت کا اعتبار پانچ چیزوں میں کیا جاتا ہے وہ یہ ہیں نسب، آزادی، دین داری، مال اور صنعت و حرفت (پیشہ) نسب کے سلسلے میں کہا جاتا ہے کہ قریش اور غیر قریش، عرب و عجم ایک دوسرے کے برابر نہیں ہیں۔ اس لئے ایک قریشی مرد کا کفو غیر قریشی مرد نہیں ہیں

اسی طرح جو عورت عرب سے تعلق رکھتی ہے، عجم کا رہنے والا اس کا کفو نہیں ہے

ایک تقسیم قدیم الاسلام اور جدید اسلام کی بھی کی گئی ہے اس لحاظ سے نو مسلم کو خاندانی مسلم کے مساوی نہیں قرار دیا گیا۔

جہاں تک آزادی اور غلامی کا سوال ہے علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ اگر کوئی باندی آزاد ہو جائے اور اس کا شوہر غلام ہو تو اسے حق خیار حاصل ہو گا وہ چاہے تو غلام شوہر سے اس کا نکاح فسخ ہو جائے گا (ملا علی قاری مرقاۃ المفاتیح 6/252) اس کی وجہ یہ ہے کہ جو غلام ہے وہ آزاد عورت کا کفو نہیں ہے۔ فقہ حنفی میں کہا گیا ہے کہ جو شخص خاندانی طور پر آزاد چلا آرہا ہے اس کا کفو وہ شخص نہیں ہے جسے یا جس کے باپ کو غلامی سے آزادی ملی ہے۔ دین کے معاملے میں اس بات پر اتفاق ہے کہ کوئی بے دین اور فاسق و فاجر شخص دین دار عورت کا کفو نہیں ہے۔ مال کے متعلق کہا جاتا ہے کہ مالی لحاظ سے کمزور شخص دولتمند عورت کا کفو نہیں ہے۔

معاشرے میں بعض پیشوں کو اعلی اور بعض کو ادنیٰ ہمیشہ سمجھا جاتا رہا ہے۔ اس بنیاد پر وہ افراد اور خاندان جنہوں نے اعلی پیشے اختیار کئے یا جن کو یہ حاصل رہے ان کو برتر قرار دیا گیا اور ان افراد اور خاندان کو ان کا کفو نہیں سمجھا گیا ہے جن کے پاس ادنیٰ یا معمولی پیشے تھے۔ آج کل کے زمانے میں

بعض کم پیشوں کی اولاد بھی علم حاصل کر کے آگے نکل گئے ہیں لہذا وہ اعلی پیشوں کے کفو بن گئے ۔علم کے شرف سے ہر نسب اور شرف نیچے ہے۔عالم کسی بھی عورت کا کفو بن سکتا ہے،اس کا نشب جو بھی ہو اگرچہ اس کا نسب بھی معروف نہ ہو۔

کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لاگ سونے چاندی کی کانوں کی طرح کانیں ہیں،ان کے جاہلیت میں بہترین اسلام میں بھی ہیں جبکہ وہ علم حاصل کر لیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

"اللہ تم میں سے جو ایمان لائے اور جنہیں علم دیئے گئے ہیں۔ان کے درجات کو بلند کرتا ہے" (سورۃ المجادلہ:11)

"کہہ دیجئے کیا برابر ہیں وہ جو جانتے ہیں اور جو نہیں جانتے ہیں" (سورۃ الزمر:10)

یعنی ایک کم نسب کا آدمی علم و فضل کے ذریعے اعلیٰ نسب کی عورت کا کفو ہو سکتا ہے۔عجمی کو کوئی نسب کا کفو نہیں ہوتا۔ امام شافعیؒ اور ان کے اکثر اصحاب سے مروی ہے ان کے آپس میں بھی نسبوں میں کفو معتبر ہے اور عرب پر قیاس کیا جائے، کیونکہ جب ان میں سے کوئی عورت کم نسب والے مرد سے نکاح کرلے تو انہیں بھی عار دلائی جاتی ہے

فقہ حنفی میں کفائت کے مسئلہ میں سب سے زیادہ اہمیت بظاہر نسب کو دی گئی ہے لیکن اس کے ساتھ دین اور اخلاق کی اہمیت کو بھی پوری طرح تسلیم کیا گیا ہے۔ چنانچہ کہا گیا ہے کہ کسی دین دار خاندان کی عورت کا کفو کوئی اخلاق باختہ یا فاسق وفاجر شخص نہیں ہو سکتا اس لئے کہ ایک دیندار عورت شوہر کے فسق وفجور سے اس کے ضعف نسب کے مقابلے میں زیادہ عار محسوس کرے گی

الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ ۖ وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ ۖ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٢٦﴾

ناپاک عورتیں ناپاک مردوں کے لئے اور ناپاک مرد ناپاک عورتوں کے لئے۔ اور پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے۔ اور پاک مرد پاک عورتوں کے لئے۔ یہ (پاک لوگ) ان (بدگویوں) کی باتوں سے بری ہیں (اور) ان کے لئے بخشش اور نیک روزی ہے ﴿۲۶﴾

ولی کے مشورے کا حق

ایک عاقل بالغ لڑکے اور لڑکی کو اسلام جس طرح حدود اللہ میں رہ کر شادی کی آزادی کا حق دیتا ہے اسی طرح ان کے والدین یا سرپرستوں یا دیگر بزرگ اقرباء کو بھی یہ حق دیتا ہے کہ وہ اس سلسلے میں اپنے تجربات کی روشنی میں معتدل مشورے دے سکتے ہیں اور ان کو مشورہ دینا بھی چاہیے مگر دباؤ نہیں ڈال سکتے۔ شادی کرنے والے جوڑے کو بھی چاہیے کہ اپنے بزرگوں کے مشوروں کو قبول کریں کہ ان کی رائے پختہ اور محبت و شفقت سے بھرپور ہوتی ہیں ولی پر یہ بھی حق ہے کہ وہ اپنے زیر کفالت یا زیر سرپرستی افراد کی اپنی استطاعت کے مطابق نکاح میں مالی طور پر مدد بھی کرے۔

منگنی کا شرعی حکم

منگنی محض ایک قوم و قرار ہے اس بات کا کہ آئندہ اس لڑکی کا نکاح فلاں شخص سے کیا جائے گا۔ یہ بجائے خود نکاح نہیں ہے البتہ فریقین کے درمیان ایک طرح کا عہد و پیمان ضرور ہے جس سے پھر جانا درست نہیں اِلّا یہ کہ اس کے لئے کوئی معقول وجہ موجود ہو۔

اگر منگنی کے بعد فریقین میں سے کسی ایک پر دوسرے کا کوئی عیب ظاہر ہو جو پہلے معلوم نہ ہو یا چھپایا گیا تھا تو بلا شبہ اس قول و قرار کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس طرح کی کسی معقول وجہ کے بغیر یونہی اسے ختم کر دینا یا کسی غیر معقول وجہ کی بناء پر اس سے پھر جانا ہر گز جائز نہیں ہے دوسری بد عہدیوں کی طرح یہ بھی ایک بد عہدی ہے جس پر انسان خدا کے ہاں جواب دہ ہو گا (ترجمان القرآن محرم، صفر 1372ھ اکتوبر، نومبر 1952ء)

"ہاں البتہ اسلام اس بات کی اجازت نہیں دیتا کی منگنی کے بعد لڑکی لڑکا ایک دوسرے کو میاں بیوی سمجھنے لگیں اور ان میں میل ملاقات آزادانہ ہونے لگے کیونکہ منگنی نکاح نہیں۔ نیز حدیث شریف میں منگنی کو خفیہ رکھنے کا حکم ہے اور نکاح کے اعلان کا" (ڈاکٹر نور احمد شاہتاز۔ شیخ زید اسلامک سینٹر)

جہیز کا حق

جہیز وہ گھریلو سامان ہے جس کو عورت اور اس کے گھر والے تیار کرتے ہیں تا کہ وہ گھر میں اس کے ساتھ رہے جبکہ خاوند اس کے ساتھ داخل ہے بس ایک رواج ہے جس پر لوگوں کی عادت جاری ہے۔ شرعی طور پر گھریلو تیاری اور جن سامانوں کی ضرورت ہو مثلاً بستر، آلات وغیرہ تو اس کا ذمہ دار خاوند ہو گا بیوی پر ان میں سے کسی چیز کی ذمہ داری نہیں ہے۔ عورت حق مہر کی مستحق تو اس کے بدلے میں ہوتی ہے جو فائدہ اس سے حاصل ہوتا ہے۔ زوجیت کے گھر کے لئے سامان تیار کرنے کی وجہ سے نہیں، مہر خالص اس کا حق ہے نہ خاوند کا ہے، نہ اس کے باپ کا اور نہ کسی اور کا اس پر کوئی حق ہے

اسلام کا نقطہ نظر درج ذیل نکات سے واضح ہوتا ہے

- شادی کے بعد لڑکی اور لڑکے کو گھر بسانے میں تعاون کے لئے دونوں گھر والے مدد کر سکتے ہیں اور کچھ چیزیں عاریتاً بھی لے سکتے ہیں لیکن یہ نہ تو واجب اور فرض ہے کہ تعاون نہ کرنے والا فریق ملزم گردانا جائے اور نہ نکاح کی شرط کہ اس کے بغیر نکاح ہی نہ ہوتا ہے
- شادی کے موقع پر تحفے اور ہدیے جواز کی حد تک ہیں نہ کہ ضروری اور نہ دینے پر برا ماننا بھی ضروری نہیں ہے۔ تحفہ اور ہدیہ خوشدلی سے ہوتا ہے تاوان نہیں ہے
- شادی کے موقع پر لڑکی کو جو زیور یا سامان دیا جاتا ہے اس کے بارے میں یہ تصوّر صحیح نہیں ہے کہ وہ شوہر یا سسرال کی ملکیت ہے۔ اس کی مالک اصلاً لڑکی ہوتی ہے اس کی اجازت کے بغیر اس میں تصرّف نہیں کیا جا سکتا
- آخری بات یہ ہے کہ اسلام نے نکاح کو آسان رکھا ہے۔ اس لئے معاشرے کی وہ ساری بندشیں جن سے اس میں دشواری پیدا ہو قابل مذمت ہیں اور ان سے ایک مسلمان کو احتراز کرنا چاہیے

مہر کا حق

اسلام نے عورت کا جو اچھا خیال اور احترام رکھا اس میں سے یہ بھی ہے کہ اسے اس کا "مہر" دو۔ اسلام کے سوا کسی مذہب میں شادی کے وقت عورت کو کچھ دینے کی ہدایت نہیں ہے

قرآن پاک میں ارشاد ہے

فَمَا اسْتَمْتَعْتُم بِهِ مِنْهُنَّ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ فَرِيضَةً ۚ

تو جن عورتوں سے تم فائدہ حاصل کرو ان کا مہر جو مقرر کیا ہو ادا کر دو

اس سے واضح ہوتا ہے کہ مرد نکاح کے ذریعے عورت سے جو فائدہ اٹھاتا ہے مہر اسی کا صلہ اور بدل ہے۔ قرآن پاک میں مہر کے لئے اجر، صدقہ اور فریضہ وغیرہ کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ مہر سے مرد عورت کو خرید تا نہیں ہے نہ عورت پر اس کو مالکانہ حقوق حاصل ہو جاتے ہیں بلکہ عورت کی انفرادی حیثیت بر قرار رہتی ہیں صرف اس سے جنسی استفادے کا حق اسے دیتا ہے۔ فائدہ اگرچہ عورت بھی اٹھاتی ہے لیکن اسے کسی معاوضے کا مکلّف قرار نہیں دیا گیا بلکہ اسے مرد کی صورت میں مالی، سماجی، قانونی، اخلاقی ہر طرح کا تحفظ عطا کیا گیا ہے

نکاح میں مہر کی ادائیگی ضروری ہے

وِلا جُنِاح عَلِیکُم اَن تَنکِحُوہُنِ اِذا اِتَیتُمُوہُنِ اِجُورہُنِ (الممتحنہ: 10)

اور تم پر کچھ گناہ نہیں کہ ان عورتوں کو مہر دے کر ان سے نکاح کر لو

نکاح اور بدکاری میں تمیز مہر ہی سے ہے

اَن تَبتَغُوا بِاَموالِکُم مُحصِنِینَ غیر مُسافِحِینِ (النساء: 24)

تم (ان عورتوں کو) اپنے مالوں کے بدلے طلب کرو قید نکاح میں لانے کے لئے نہ کہ بدکاری کے لئے

نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے

- ”جن شرطوں کو تم پورا کرتے ہو ان میں سب سے زیادہ پورا ہونے کی مستحق شرط وہ ہے جس کی وجہ سے تم نے عورتوں کی ناموس کو اپنے لئے حلال کیا ہے“(بخاری و مسلم)
- ” جس نے مال کے عوض کسی سے نکاح کیا اور نیت یہ رکھی کہ وہ اس مہر کو ادا نہیں کرے گا وہ دراصل زانی ہے“(کنزالعمال)

اس لئے بعض فقہاء کا یہ قول ہے کہ مہر ارکان نکاح میں سے ہے اگرچہ بوقت نکاح اس کا ذکر بھی نہ ہوا ہو۔شوافع اس کو عورت کا حق قرار دیتے ہیں جبکہ احناف اس کو شریعت کا حق قرار دیتے ہیں

- مہر خوشی سے ادا کرنا چاہیے

ارشادِ ربّانی ہے

وَاٰتُوا النِّسَاۗءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً (النساء : 04)

اور عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دے دیا کرو

مہر کے لئے لفظ **صدقہ** استعمال کرنا بڑا بامعنی ہے۔یہ لفظ **صدق** سے بنا ہے جو کذب کی ضد ہے۔مہر کے لئے لفظ صدقہ اس لئے استعمال کیا گیا ہے کہ اس کا میاں بیوی کے درمیان موجود ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ دل کی سچائی سے شریعت کی موافقت کرتے ہیں یا مہر شوہر کے دعوائے محبت میں سچا ہونے کی دلیل ہے۔پھر آگے لفظ "نحلۃ" سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ یہ مہر خود بخود خوشی سے ادا کیا جائے گا۔اس میں ٹال مٹول نہ ہو گی۔

- قرآن و سنت کی رو سے مہر ادا کرنا لازمی ہے اس کے بغیر نکاح منعقد نہیں ہوتا اگر کوئی شخص نکاح کے وقت مہر کا ذکر بھی نہ کرے یا یہ شرط لگا دے کہ وہ مہر ادا نہیں کرے گا۔اس میں بندے کا کوئی اختیار نہیں کہ وہ دے یا نہ دے۔لہذا مہر کا حکم قطعی ہے اور تا قیامت ابدی ہے
- یہ مفروضہ کہ چونکہ عورت خود کما رہی ہے، اس لئے مہر کی اہمیت نہیں غلط ہے۔مہر عورت کا اور اسکی، اسکے شوہر پر اہمیت کا احساس ہے کیونکہ شوہر بھی یہ سمجھتا ہے کہ اس نے رقم خرچ کر کے زوجیت کے حق حاصل کئے اور اگر وہ ادا نہ کرے گا تو عورت اپنے آپ کو اس سے روک سکتی ہے رقم خرچ کر کے وہ حتی الامکان نبھانے کی کشش بھی کرے گا
- شریعت نے از مہر کی مقدار نہیں کی بلکہ ہر آدمی پر حسب توفیق بوجھ ڈالا ہے

لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ

لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا

صاحب وسعت کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرنا چاہیئے۔اور جس کے رزق میں تنگی ہو وہ جتنا خدا نے اس کو دیا ہے اس کے موافق خرچ کرے۔خدا کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اسی کے مطابق جو اس کو دیا ہے

اس سے ثابت ہوا کہ مہر حسب توفیق ہو (اگرچہ یہ آیت بالعموم خرچ کے لئے ہے لیکن مہر بھی خرچ ہے) اپنی خوشی، حیثیت اور عورت کی خصوصیات کو مدّ نظر رکھتے ہوئے مہر مقرر کیا جائے جس پر میاں بیوی دونوں کی باہمی رضامندی ہو چاہے وہ لاکھوں روپیہ ہو یا محض چند روپوں پر مشتمل ہو۔

دوسری طرف نبی پاک ﷺ کے ارشاد کو بھی مدّ نظر رکھا جائے

”وہ نکاح بڑی برکت والا ہے جس میں محنت کم ہو“۔(مسند احمد شعیب الایمان)

جنسی حق

شادی کے بعد عورت کا مرد پر حقوق زوجیت کا سب سے بڑا حق ہے، جسے شوہر کو ہر صورت پورا کرنا لازمی ہے۔ اِلّا یہ کہ کوئی شرعی عذر شوہر یا بیوی کے ساتھ ہو اس کے علاوہ حیض و نفاس اور رمضان میں سحری کے بعد جنسی تعلق کی ممانعت ہے

قرآن پاک میں ارشاد ہے

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ
وہ(عورتیں)تمہاری پوشاک ہیں اور تم ان کی پوشاک ہو

نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ
تمہاری عورتیں تمہارای کھیتی ہیں تو اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو جاوٗ۔

لیکن یہ بیوی کا حق ہے کہ اس سے لطف انداز ہونے میں اعتدال، جو اسلام کے ہر عمل میں بنیادی تاکید ہے، لازمی جز ہے ورنہ محبت و مودت کا یہ بنیادی عمل نفرت اور دل کی دوری کا سبب بن جائے گا

امام جالینوس نے اپنی کتاب "حفظ الصحۃ" میں لکھا ہے”بیوی سے اختلاط مخصوص اعتسال کے ساتھ تندرستی کے مختلف ذرائع میں سے ایک بڑا ذریعہ ہے اور بہت سے امراض کی شفاء ہے“ (حاشیہ مکتوبات شیخ الاسلام:11)

علامہ نفسی لکھتے ہیں

”مقاربت کرنے سے حرارت غزیری بڑھتی ہے اور یہ فعل بدن کو غذا قبول کرنے کی صلاحیت بخشتا ہے، انسان کو خوش رکھتا ہے غصہ کو ختم کرتا ہے اور بہت سے سوداوی اور بلغمی امراض کے لئے مفید ہے۔ترک مقاربت صحت کے لئے مضر ہے اور اس سے پرہیز کرنے والا بہت سی تکلیفوں اور مہلک بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے لیکن اس کی کثرت قوت کو گھٹا دیتی ہے۔ رگ، پٹھوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔ پھر رعشہ، فالج اور تشنج اس سے پیدا ہوتا ہے“(نفسیی:415)

چونکہ اس حق کو ادا کرنے میں دونوں فریقین کی باہمی خوشی اور صحت پوشیدہ ہے۔لہذا اسے ادا کرنے میں بھی ملاحت رضامندی اور اعتدال کو ضرور شامل ہونا چاہیے

حسن سلوک کا حق

اگر شوہر کو کسی عورت کے کسی قول و فعل سے اذیت پہنچے تو ایسے ہر موقع پر صبر و تحمل سے کام لینے کی تاکید ہے

وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ فَإِن كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰ أَن تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا

اور ان کے ساتھ اچھی طرح رہو سہو اگر وہ تم کو ناپسند ہوں تو عجب نہیں کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور خدا اس میں بہت سی بھلائی پیدا کر دے

ارشاد نبوی ﷺ میں اشارہ ہے:

”کوئی مسلمان مرد کسی عورت کو اس لئے مبغوض نہ رکھے کہ اس کی کوئی عادت ناگوار لگتی ہے اس لئے کہ اگر ایک عادت ناپسند ہے تو اس کی کوئی دوسری عادت پسندیدہ ہوگی“(مسلم: کتاب الرضاع، باب الوصیہ النساء1467)

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں

” عورتوں کی نرمی سے بتدریج اصلاح کی سعی پیہم کرنی چاہیے کہ مرد پر اس قدر اصلاح کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے نیز حدیث مذکور میں اس طرف رہنمائی کی گئی ہے کہ عورتوں کے ساتھ مدارات اور محبت و الفت کا برتاؤ ناگزیر ہے ساتھ ہی یہ تدبیر بھی ہے کہ عورتوں کی بہت سی باتوں سے عفوو درگزر کیا جائے۔ ان کی بد خلقی پر صبر و تحمل سے کام لیا جائے اگر کوئی ایک یا زیادہ عادتیں ناپسند ہیں تو دیگر اچھی عادتوں پر ہی نظر رکھے اس کے جائز مطالبات مانے اس سے رحم دلانہ رویہ رکھے“

ظلم وتعدی کی ممانعت کا حق

پروردگار عالم کا ارشاد ہے

وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوا ۚ

وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ ۚ وَلَا تَتَّخِذُوا آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا

اور اس نیت سے ان کو نکاح میں نہ رہنے دینا چاہئے کہ انہیں تکلیف دو اور ان پر زیادتی کرو۔ اور جو ایسا کرے گا وہ اپنا ہی نقصان کرے گا اور خدا کے احکام کو ہنسی (اور کھیل) نہ بناؤ

یوں تو یہ آیت طلاق کے سلسلے میں ہی ظلم و تعدی کی روک تھام کے لئے اتری مگر غور کیا جائے تو اس معجزانہ بیان میں بڑی جامعیت ہے اور عورت کے حالات پر ربّ العزت نے رحم فرمایا اور مردوں کی زیادتی سے روکا۔ نبی کریم ﷺ نے عورت کی تلون مزاجی کو سامنے رکھتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ: ”تم میں سے کوئی اپنی بیوی کو اس طرح نہ پیٹنے لگے جس طرح غلاموں کو پیٹا جاتا ہے اور پھر دن کے دوسرے حصے میں جنسی میلان کی تکمیل کے لئے اس کے پاس پہنچے“(بخاری، کتاب النکاح باب مالکیرہ من ضرب فی الاستنثار 142)

ایک دوسری جگہ ارشاد فرمایا:

”اپنی شریک حیات کو لونڈی کی طرح ہر گز نہ مارو“ (ابو داؤد، کتاب اطہارۃ باب فی فی الاستنثار 142)

”جو تم کھاؤ اس کو کھلاؤ اور جو تم پہنو اس کو پہناؤ اس کے چہرے پر نہ مارو نہ اسے برا بھلا کہو اور سوائے گھر کے ناراض ہو کر علیحدگی اختیار نہ کرو“(ابو داؤد، کتاب النکاح، باب فی المراۃ علی زوجھا 2142)

یہ ساری تاکید نبی کریم ﷺ اس لئے فرما رہے کہ بعض موقعوں پر مردوں کو اجازت دی گئی ہے کہ بعض خاص حالات میں عورتوں کو تنبیہہ کی جاسکتی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ مرد اس اجازت سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں اور عورتوں کو ستانے یا اذیت دینے لگیں یا اس کو حقارت کی نگاہ سے دیکھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ازواج مطہرات کے ساتھ جو برتاؤ اور حسن سلوک کر کے دکھایا، عبرت کے اسباق سے وہ معمور ہے۔ نازک ترین مواقع میں بھی جسمانی اذیت پہنچانے کا خیال بھی نہیں کیا۔ حالانکہ قرآن میں **جسمانی اذیت** تک کی اجازت خاص حالات میں دی گئی ہے۔ یعنی ارشاد ہوا:

وَالّٰتِی تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ

فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَیْهِنَّ سَبِیْلًا ۚ

"اور جن عورتوں کی نسبت تمہیں معلوم ہو کہ سرکشی (اور بدخوئی) کرنے لگی ہیں تو (پہلے) ان کو (زبانی) سمجھاؤ (اگر نہ سمجھیں تو) پھر ان کے ساتھ سونا ترک کردو اگر اس پر بھی باز نہ آئیں تو زدوکوب کرو اور اگر فرمانبردار ہوجائیں تو پھر ان کو ایذا دینے کا کوئی بہانہ مت ڈھونڈو"

پیغمبر اسلام ﷺ کا اسوہ حسنہ بتا رہا ہے کہ عملی طور پر اس اجازت سے مجبوریوں کے خاص حالات ہی میں فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ قرآن میں جو کچھ فرمایا گیا ہے اس کا مطلب ہے کہ ضد اور ہٹ دھرمی کی صورت میں پہلا درجہ یہ ہے کہ مرد عورت کو زبان سے سمجھائے اور منالینے کی کوشش کرے۔ دوسرا درجہ جب زبانی نصیحت بے اثر ہو کر رہ جائے تب حکم دیا گیا ہے کہ اپنی خوابگاہ میں عورت کے ساتھ سونا چھوڑ دے اور علیحدگی کی یہ شکل بھی جب ناکام ہو جائے تب (واضربوھن) کی اجازت سے چاہے تو مرد فائدہ اٹھا سکتا ہے لیکن اس ضرب یا مار کی نوعیت کیا ہو؟ رسول اللہ ﷺ نے اس کی حدبندی کرتے ہوئے فرمایا:"ان عورتوں کو مارو اس طرح کہ جسم پر گہرے زخم نہ لگیں"

حسن سلوک کا حق

آنحضرت ﷺ فرمایا کرتے تھے:"تم میں بہتر وہ ہے جو اپنے اہل و اعیال کے لئے بہتر ہے اور خود میں اپنے اہل و اعیال کے لئے سب سے بہترین آدمی ہوں اور جب تمہاری رفیقہ حیات مر جائے تو اس کے لئے دعا کرو"

"ایمان میں کامل ترین مومن وہ ہے جو اخلاق میں سب سے اچھا ہو اور تم میں بہترین وہ ہے جو اپنی بیویوں کے لئے بہترین ثابت ہو گا"(ترمذی، کتاب الرضاع، باب ما جاء فی حق المراۃ علی زوجھا 1126)

یہ طرز بیان بتاتا ہے کہ مردوں کو اپنی بیویوں کے حق میں سراپا محبت و شفقت ہونا چاہیے اور بیوی کی ہر جائز دلداری کرنی چاہیے

بیوی کے لئے نظافت کا اہتمام

اسلام نے عورت کے ہر معمولی سے معمولی حق کا بھی ذکر و خیال کیا ہے۔ مثلاً کہ بیوی کے سامنے آئے تو صاف ستھرے کپڑوں میں آئے تاکہ اس کو دیکھ کر بیوی کو مسرت ہو اور یہ محسوس کر کے خوش ہو کہ ہمارا شوہر وضع قطع میں صاف ستھرا اور پاکیزہ مزاج ہے۔

حدیث پاک ﷺ میں ہے کہ "اللہ پاک ہے، پاکی کو پسند کرتا ہے، اللہ پاکیزہ ہے اور پاکیزگی کو محبوب رکھتا ہے "(ترمذی، کتاب الارباب، باب ماجاء فی النظافۃ 27799)

بیویوں کے لئے سامان

فقہائے کرام نے اس کی تفصیل کی ہے کہ مردوں کے فرائض میں سے ایک یہ فریضہ بھی ہے کہ بیوی کو ایسا سامان فراہم کرے جس سے وہ اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھ سکے

"اتنا پانی بھی فراہم کر کے دینا شوہر پر ضروری ہے جس سے وہ اپنا بدن اور کپڑے دھو سکے" (عالمگیر مصری /569)

شوہر اگر سفر پر گیا ہوا ہے اس کو واپسی کے وقت چاہیے کہ کسی کے ذریعے اپنی آمد کی اطلاع کر دے، دفعتاً پہنچنے کی کوشش نہ کرے "تاکہ عورت اپنی پراگندگی درست کرلے" (بخاری، کتاب النکاح، باب تزویج الثیبات 5079)

عورت کا مصیبت میں اظہار وفاداری کا حق

شوہر کا یہ بھی اخلاقی فریضہ ہے کہ بیوی کے ساتھ وفاداری اور خوش اخلاقی کا برتاؤ کرے، اگر حوادث زمانہ کی وجہ سے عورت پر کوئی ناگہانی آجائے تو محبت اور لطف و کرم میں کمی نہ کرے بلکہ پہلے سے بڑھ کر اخلاق و محبت سے پیش آئے۔ اگر کسی بیماری کی وجہ سے اس کی شکل و صورت میں فرق آجائے تو عورت کی بد صورت دیکھ کر بے مروتی اور بد اخلاقی کا برتاؤ نہ کرے۔ انسانیت کا بھی یہ ہی تقاضہ ہے

حدیث مبارکہ میں ارشاد فرمایا: "اس پر رحم نہیں کیا جاتا جو رحم نہیں کرتا" (بخاری، کتاب الارب، باب رحمۃ الولد و تقبیلہ و معانقۃ 5997)

بیوی سے دوری

حضرت عمرؓ نے بیوی سے دور رہنے کی مدّت حضرت حفصہؓ (ازواج مطہرات) سے پوچھ کر چار مہینے طے کی جیسا کہ انہوں قرآن کی اس آیت سے اخذ کیا

لِلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِن نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ فَإِن فَاءُو فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٢٢٦﴾ وَإِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٢٧﴾

جو لوگ اپنی عورتوں کے پاس جانے سے قسم کھالیں ان کو چار مہینے تک انتظار کرنا چاہیئے۔ اگر (اس عرصے میں قسم سے) رجوع کرلیں تو خدا بخشنے والا مہربان ہے ﴿۲۲۶﴾ اور اگر طلاق کا ارادہ کرلیں تو بھی خدا سنتا (اور) جانتا ہے ﴿۲۲۷﴾

بیوی پر اعتماد کا حق

مرد کا یہ بھی فریضہ ہے کہ بیوی پر اعتماد کرے اور گھر کے اندرونی معاملات اس کے حوالے کر دے تاکہ وہ اپنی حیثیت کو جان سکے اور اس کی عزت و عظمت اور اس کا وقار اس میں خود اعتمادی پیدا کرے۔ ارشاد نبی ﷺ ہے کہ: ”عورت اپنے شوہر کے گھر اور اس کے بچوں کی نگران ہے“

بیوی کی رازداری

بیوی کا مرد پر ایک حق یہ بھی ہے کہ مرد عورت کے پردے کی بات دوسروں سے نہ کہے بلکہ اس راز کو راز ہی کے درجے میں رہنا دے۔ نبی کریم ﷺ نے اس سے سختی سے منع فرمایا کہ کوئی مرد اپنی بیوی کے پردے کی باتوں کو افشاں کرے۔

حدیث ہے:

”لوگوں میں اللہ کے نزدیک قیامت کے دن بدترین شخص وہ ہے جو اپنی بیوی کے پاس جائے اور اس کی بیوی اس سے ملے پھر مرد اس راز کی بات کو پھیلائے“

بیوی کو والدین سے ملنے کی اجازت

بیوی کے حقوق میں یہ بھی ایک حق ہے کہ اس کے اس کے ماں باپ سے ملاقات کی اجازت دے اور محرم رشتہ داروں سے اگر کوئی فساد کا خدشہ نہ ہو۔ فقہاء نے لکھا ہے کہ ہفتہ میں ایک دن والدین سے ملنے کے لئے جائے تو شوہر کو روکنا نہیں چاہیے۔ مگر جب کہ بیوی کے والدین کسی معقول عذر کی وجہ سے خود حاضری سے مجبور ہوں، ورنہ وہ خود لڑکی سے مل لیں (در مختار۔ باب النفقہ)

نفقہ کا حق

شریعت نے جہاں مردوں پر بیویوں کی بہت ساری ذمہ داریاں عائد کی ہیں ان میں سے ایک ذمہ داری یہ بھی ہے کہ بیوی کو نفقہ (کپڑا، کھانا اور گھر) دیا کرے اور بیوی کو ان ضروریات سے بے نیاز کر دے جو اس کے لئے ضروری ہیں تاکہ وہ بال بچوں کی تربیت آزادی کے ساتھ کر سکے۔ اس بات کا حکم قرآن و حدیث دونوں سے ثابت ہے۔

لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ

اللَّهُ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا

صاحب وسعت کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرنا چاہیئے۔ اور جس کے رزق میں تنگی ہو وہ جتنا خدا نے اس کو دیا ہے اس کے موافق خرچ کرے۔ خدا کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اسی کے مطابق جو اس کو دیا ہے۔

وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا

اور دودھ پلانے والی ماؤں کا کھانا اور کپڑا دستور کے مطابق باپ کے ذمے ہو گا۔ کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دی

احادیث کے مطابق:

”تم ان (بیویوں) کے ساتھ کپڑا اور کھانا دینے میں خوش اخلاقی کا برتاؤ کرو“ (ترمذی، کتاب الرضاع، باب ماجاء حق المراۃ علی زوجھا1163)

” جو تم کھاؤ وہ اس کو بھی کھلاؤ اور جو تم پہنو اس بھی پہناؤ، اس کے چہرے پر نہ مارو۔ اسے بدصورت نہ کہو اور صرف گھر کی حد تک اسے چھوڑدو“(احمد بن حنبل، مسند امام احمد ج4، ص446)

نفقہ کی حق دار بننے کی شرائط

قرآن و حدیث سے اخذ کرکے فقہاء کرام نے نفقہ کا حقدار بننے کے لئے درج ذیل شرائط کی موجودگی لازم قرار دی ہے

1. عقد زواج صحیح ہو
2. عورت اپنا نفس خاوند کے سپرد کردے
3. اسے فائدہ اٹھانے کا موقع دے
4. جہاں خاوند جانا چاہتا ہے جانے سے انکار نہ کرے (ماسوائے اس کے کہ اگر خاوند سفر کے ذریعے سے عورت کو تکلیف دینا چاہتا ہو یا عورت کو اپنی جان یا مال کی حفاظت پر خدشہ ہو)
5. وہ دونوں فائدہ حاصل کرنے والوں میں سے ہو (چاہے عورت بیمار یا عیب والی ہو مگر خاوند کو منع نہ کرتی یا مرد کسی عیب یا بیماری میں مبتلا ہے اور عورت ٹھیک ہے)

نفقہ کی حقدار صرف وہی بیوی ہو گی جو مندرجہ بالا تمام شرائط کو بحسن وخوبی پورا کر رہی ہو اگر ان شرطوں میں سے کوئی شرط پوری نہ ہو تو خرچ واجب نہ ہو گا

خرچہ کی حقدار نہ ہونے کی شرائط

درج ذیل صورتوں میں نفقہ ساقط ہو جاتا ہے

1. رخصتی نہ ہوئی ہو
2. عورت بہت چھوٹی ہو اور جماع ممکن نہ ہو (مالکیہ اور شافعیہ کے نزدیک)
3. عورت چھوٹی ہو اور خاوند کے گھر نہ ہو، لیکن اگر خاوند رکھنا چاہے تو نفقہ واجب ہو گا
4. مطلقّہ بیوی
5. عورت ساتھ رہتی ہے مگر داخل ہونے سے روکا، لیکن اگر اس نے شوہر سے کسی اور گھر منتقل ہونے کا مطالبہ کیا اور اس نے انکار کر دیا اور پھر وہ روکے تو خرچہ ساقط نہ ہو گا
6. اگر عورت جرم یا قرض میں قید کی گئی ہے یا اسے ظلماً روکا گیا ہو تو نفقہ واجب نہ ہو گا
7. کوئی غاصب غصب کرے اور اس کے اور اس کے خاوند کے درمیان حائل ہو جائے تو غصب کی مدت میں وہ نفقہ کی مستحق نہ ہو گی
8. کمانے والی عورت جو کمائی کے لئے گھر سے نکلتی ہے اور اس کے منع کرنے کے باوجود رکتی نہیں ہے تو وہ بھی خرچے کی مستحق نہ ہو گی
9. نفلی روزے اور اعتکاف کی وجہ سے اپنے نفس کو روکے رکھے لیکن اگر گھر غیر شرعی ہونے کی وجہ سے یا خاوند کے اپنے نفس اور مال پر امین نہ ہونے کی وجہ سے اس کی اطاعت سے نکلی ہے تو بھی نفقہ ساقط نہ ہو گا

10. عورت مرتد ہو جائے لیکن اگر مرد غیر مسلم ہو جائے تو نفقہ ساقط نہ ہو گا

مقدار نفقہ مرد پر معروف طریقے سے اپنی حیثیت کے مطابق خرچ کرنے کی ہدایت ہے۔ جس میں کھانا، لباس، گھر، علاج معالجہ اور زمانے کے لحاظ سے دیگر ضروریات کی فراہمی اپنی حیثیت و گنجائش کے لحاظ سے ہے کیونکہ قرآن و حدیث میں معروف خرچ کی ہدایت ہے نہ کہ فضول خرچی یا کنجوسی کی

نفقہ کی مقدار

- اگر شوہر کنجوس ہے اور بال بچوں کی ضروریات کے مطابق خرچہ پورا نہیں دیتا تو عورت اپنی ضرورت کے مطابق اس کے مال میں سے لے سکتی ہے جیسا کہ ہند بن عتبہؓ حضرت ابو سفیانؓ کی اہلیہ تھی اور انہوں نے رسول ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے شوہر کی کنجوسی کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "جو تجھے اور تیرے بچوں کو منسب طریقے سے کافی ہو وہ لے لو " (متفق علیہ)

خود سرور کائنات ﷺ کا بھی یہی دستور تھا کہ ازواج مطہرات کے نفقہ کا نظم فرمادیا کرتے بلکہ ایک ہی باغ اس کام کے لئے خاص کر رکھا تھا، جس کا پھل فروخت کر کے سال بھر کا نفقہ ایک ہی دفعہ میں جمع کرا دیتے۔

"نبی ﷺ بنو نضیر کے کھجوروں کے باغ (کی کھجوریں) فروخت فرمایا کرتے اور اس کی قیمت قپنے اہل و اعیال کے سال بھر کے نفقہ کے لئے جمع فرمادیتے۔" (بخاری، کتاب النفقات 5357)

فقہاء نے نفقے کی ادائیگی کو واجب کہا ہے اور بیوی مالدار ہو، غریب ہو جیسی بھی ہو اگر اپنے شوہر کے زیر فرمان ہے تو نفقہ دلوایا جائے

در مختار باب النفقہ میں تحریر ہے ”لغت میں نفقہ اس چیز کو کہتے ہیں جو آدمی اپنے بال بچوں پر خرچ کرتا ہے اور شریعت میں نفقہ کھانا، کپڑا اور مکان کا نام ہے“ (مزید تفصیل فقہ کی کتابوں میں درج ہے)

سماجی تحفظ

عفت و عصمت کی نگہداشت کا حق

خاوند پر واجب ہے کہ اپنی بیوی کی حفاظت کرے اور جو چیز اس کی شرافت کی مخدوش کرے، اس کی عزت پر دھبہ لگائے، اس کی کرامت کو ذلیل کرے ہر اس چیز سے اس کی حفاظت کرے۔جو بری بات اس کے متعلق سنے اسے دور کرے۔

احادیث میں ہے

- " اللہ کو غیرت آتی ہے اور مومن کو بھی غیرت آتی ہے اور اللہ کو تب غصہ آتا ہے جب بندہ حرام کام کرے۔(صحیح بخاری :3199 حدیث نمبر 5223)۔
- تم لوگ عورتوں میں (بالخصوص بے باک، بے حیاء)جانے سے نہایت ہی پر ہیز کیا کرو۔(تجرید بخاری ج 2 ص 336)۔
- اگر تیرے مکان میں کوئی بھی شخص تیری بلا اجازت جھانکے تو اس واسطے اس کی آنکھ کنکری مار کر پھوڑ دینا جائز ہے تجھ پر کوئی جرم عائد نہ ہو گا۔(بحوالہ تجرید بخاری شریف جلد2صفحہ 368)۔

اسی طرح عورتوں کے لئے غض البصر کا حکم ہے، تا کہ وہ غیر مردوں کونہ گھوریں۔

جب آدمی پر یہ واجب ہے کہ اپنی بیوی پر غیرت کرے اسی طرح اس سے بھی یہ مطلوب ہے کہ اس غیرت میں معتدل رہے۔اس سے برا گمان کر کے مبالغہ نہ کرے اور اس کی سب حرکات وسکنات کو نوٹ کرنے میں زیادتی نہ کرے۔یہ چیز زوجیت کے تعلق کو خراب کرتی ہے اور جسے اللہ نے ملانے کا حکم دیا ہے اسے کاٹ دیتی ہے۔بحیثیت اس کے بچوں کی ماں کے مرد پر لازم ہے کہ خود بھی اس کی عزت و توقیر کرے اور اپنی اولاد کو بھی نصیحت کرے کہ ایک حدیث کے مطابق ماں کا حق باپ سے تین گنا زیادہ ہے۔

اولاد کے معاملے میں فیصلوں کا حق:

جب ماں کا اولاد پر باپ سے زیادہ ہے تو یقیناً ان کے متعلق فیصلوں میں ماں کی رائے وزنی رکھی جائے گی (بشرطیکہ میں ایک سمجھدار،معاملہ فہم عورت ہو) اسلام میں شوریٰ کا تصور ہر انفرادی اور اجتماعی معاملے میں اولین حیثیت رکھتا ہے۔سورہ شوریٰ کی آیت 38 میں ایمان لانے والوں کی خصوصیات میں بیان کیا گیا ہے۔

وَاَمرُهُم شُورىٰ بَينَهُم وَمِمَّا رَزَقنٰهُم يُنفِقُونَ (سورہ شوری آیت 38)

"اپنے معاملات آپس کے مشورے سے چلاتے ہیں۔ہم نے جو کچھ ہی رزق نہیں دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔"

اگر چہ سربراہ ہونے کی حیثیت سے مرد کی رائے عورت کی رائے پر فوقیت رکھتی ہے۔

گھر کا حق:

عورت پر اس کی برداشت سے بڑھ کر مشقت ڈالنے کی ممانعت ہے۔جہاں منتقل ہورہے ہوں وہاں کے حالات سفرسب پرامن ہو۔بیماری ،وباؤں وغیرہ کا خطرہ نہ ہو۔بہت زیادہ مشقت مشکل حالات یا کوئی تہذیبی اور مالی پریشانی نہ ہو۔

گھر سے باہر کام کرنے میں اگر عورت کو مشقت و تکلیفیں برداشت کرتی پڑتی ہیں جس کی وجہ سے اس کی گھریلو زندگی اور اس کی صحت پر برے اثرات پڑ رہے ہیں تو بیوی کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ مشقت میں پڑنے کے بجائے شوہر سے مکمل کفالت کا اپنا حق طلب کرے اس سلسلے میں عورت عدالت سے بھی رجوع کر سکتی ہے۔ اسلامی شریعہ ہر حال میں مرد کو کفالت کا پابند بناتی ہے ورنہ اسلامی حکومت خود ذمہ داری اٹھائے۔

طلب علم کا حق:

جو علم عورت سیکھنا چاہتی ہے اگر وہ اس پر فرض (فرض علم: اس عمل کا علم ہے جس کو اللہ نے فرض کیا ہے کیونکہ جس پر اللہ نے عمل فرض کیا ہے اس کا علم بھی فرض ہے) ہے تو خاوند پر لازم ہے کہ اسے وہ سکھائے اگر وہ خود کھا سکتا ہے۔اگر وہ تو نہیں کھاسکتا تو پھر اس پر لازم ہے کہ علماء اور علم کی مجالس میں جانے دے تا کہ وہ احکام دینیہ سیکھ لے اگر چہ خاوند کی اجازت نہ بھی ہو لیکن اگر بیوی احکام میں سے اپنے فرائض کا علم رکھتی ہے یا خاوند دین کی سمجھ رکھتا ہے اور اس کو سکھانے کی ذمہ داری اٹھا سکتا ہے تو عورت کو اس کی اجازت کے بغیر گھر سے نکلے کا حق نہ ہے۔

اسلامی تاریخ میں مثالیں موجود ہیں کہ شوہر کی اجازت سے عورت اپنی صلاحیتوں کا معاشی معاملات میں شوہر کا ہاتھ بٹانے کے لئے شرعی حدود کی پابندیوں کے ساتھ گھر سے باہر نکلتی رہی ہیں۔

ازدواجی اور گھریلو جھگڑوں میں:

اگر بیوی خاوند کی نافرمانی کرے کہا نہ مانے، اس کے بستر پر آنے سے انکار کرے یا اس کی اجازت کے بغیر گھر سے نکل جائے یا اس کے ناپسند بدہ لوگوں کو گھر بلائے تو پہلے مرحلہ پر

- اسے نصیحت کی جائے، اللہ کی یاد دلائی جائے، اسے وہ ضروری حق بتایا جائے جو اس پر اطاعت میں فرض ہے۔مخالفت اور نافرمانی کا گناہ سمجھایا جائے۔خاوند کے حق میں تنبیہ کی جائے اور بتایا جائے کہ اس طرح اس کا خرچہ اور لباس ختم ہو جائے گا۔
- دوسرے مرحلے میں اس کا بستر الگ کر دیا جائے۔کلام چھوڑ نا تین دن سے زائد نہ ہو۔حدیث "کسی مسلمان کو حلال نہیں ہے کہ اپنے بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑ دے"۔(احمد ابوداود)
- آخری مرحلہ مار کا آتا ہے، کیونکہ آیت کے مطابق:

وَالّٰتِی تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ فَعِظُوهُنَّ وَاهْجُرُوهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوهُنَّ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوا عَلَيْهِنَّ سَبِيلًا (سورۃ النساء34)

”اور جن عورتوں کی نسبت تمہیں معلوم ہو کہ سرکشی (اور بدخوئی) کرنے لگی ہیں تو (پہلے) ان کو (زبانی) سمجھاؤ (اگر نہ سمجھیں تو) پھر ان کے ساتھ سونا ترک کردو اگر اس پر بھی باز نہ آئیں تو زدوکوب کرو اور اگر فرمانبردار ہو جائیں تو پھر ان کو ایذا دینے کا کوئی بہانہ مت ڈھونڈو“

حدیث کے مطابق

”تمہارا ان پر حق ہے کہ جن لوگوں کو تم ناپسند کرتے ہو وہ انہیں تمھارے بستروں پر بیٹھنے نہ دیں اگر وہ ایسا کریں تو تم ان کو اس طرح مار سکتے ہو جو زیادہ شدت والی ضرب نہ ہو اور مرد پر لازم ہے کہ وہ چہرے اور ان جگہوں سے بچے جہاں نقصان کا خدشہ ہو کیونکہ مقصد تو ادب سکھانا ہے نقصان کرنا نہیں“۔(مسند امام احمد ج4 ص33)

- ضرب کے بعد بھی معاملہ درست نہ ہو تو ایسی شکل میں دونوں جانب سے نمائندے مقرر کر دیئے جائیں قرآنی ارشاد ہے

وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوا حَكَمًا مِنْ أَهْلِهِ وَحَكَمًا مِنْ أَهْلِهَا (سورۃ النساء آیت35)

”اگر تم اوپر والوں کو ان دونوں میاں بیوی میں کشاکش کا اندیشہ ہو تو تم لوگ ایک آدمی جو تصفیہ کی لیاقت رکھتا ہوں مرد کے خاندان سے اور ایک آدمی جو تصفیہ کی لیاقت رکھتا ہوں عورت کے خاندان سے بھیجو۔“

- نمائندے مسلمان، بالغ، مخلص، سمجھدار، قابل بھروسہ ہوں۔
- تصفیے کی لیاقت رکھتے ہیں۔ حقدار کا حق سمجھتے ہوں حق و ناحق میں تمیز رکھ سکتے ہوں۔

- معاملات کو اپنے حدتک رکھنے اور ازدواجی ، اندرونی باتوں کو پھیلانے والے نہ ہوں۔
- اسلامی قانون، اور فقہ کی کم از کم تعلیمات رکھتے ہوں(تا کہ معاملات کو قرآن و سنت کی روشنی میں حل کیا جائے)۔
- معاملات حل تک پہنچنے کی بعد بھی زندگی بھرکبھی ان تلخیوں کود ہرانے والے نہ ہوں۔

خلع کا حق / شادی سے علیحدگی کا حق:

شرع اسلائی نے جس طرح مرد کویہ حق دیا ہے کہ جس عورت کو ناپسند کرتا ہے اور جس کے ساتھ وہ کس طرح نباہ نہیں کر سکتا اسے طلاق دے دے، اسی طرح عورت کو بھی بیان دیا ہے کہ جس مرد کو نا پسند کرتی ہو اور کسی طرح اس کے ساتھ گزر بسر نہ کرسکتی ہو اس سے خلع حاصل کر لے۔

طلاق یا خلع کا اختیار صرف ایک آخری چارہ کار کے طور پر استعمال کرنا چاہیے نہ یہ کہ محض خواہشات کی تسکین کے لئے طلاق اور خلع کھیل بنالیا جائے۔اس پہلو کے حوالے سے قرآنی ارشاداور احادیث کچھ یوں ہیں:

وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ فَإِنْ كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَىٰ أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَيَجْعَلَ اللَّهُ فِيهِ خَيْرًا كَثِيرًا (سورۃ النّسَاء:19)۔

ترجمہ : "اور عورتوں کے ساتھ اچھے طریقے سے زندگی گزارو اگر تم ان کو ناپسند کرو تو قریب ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور اللہ اس میں بہت خیر دے"

چنداحادیث:

1. اللہ مزے چکھنے والوں اور مزے چکھنے والیوں کو پسند نہیں کرتا۔
2. ہر طالب لذت ،بکثرت طلاق دینے والے پر اللہ نے لعنت کی ہے۔
3. جس کسی عورت نے اپنے شوہر سے اس کی کسی زیادتی کے بغیر خلع لیا اس پر اللہ اور ملائکہ کی اور سب لوگوں کی لعنت ہوگی خلع کو کھیل بنا لینے والی عورتیں منافق ہیں

لیکن قانون جس کا کام اشخص کے حقوق متعین کرنا ہے، اس پہلو سے بحث نہیں کرتا وہ جس طرح مرد کوشو ہر ہونے کی حیثیت سے طلاق کا حق دیتا ہے اسی طرح عورت کو بھی بیوی ہونے کی حیثیت سے خلع کا حق دیتا ہے تاکہ دونوں کے لئے بوقت ضرورت عقد نکاح سے آزادی حاصل کرنانا ممکن نہ ہو۔رشتہ ازدواج ایک مصیبت اور نفرت بڑھانے کا سبب بنے نتیجتاً اولاد پر منفی اثرات اور معاشرے کے بگاڑ کا ذریعہ نہ بن جائے۔

چنانچہ ارشاد ربانی ہے۔

فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَا فِیْمَا افْتَدَتْ بِهٖ (سورۃ البقرۃ:229)

ترجمہ: سو اگر تم لوگوں کو احتمال ہو کہ وہ دونوں ضوابط الہیہ (حدوداللہ) کو قائم نہ کرسکیں، کبھی مضائقہ نہیں اگر عورت کچھ معاوضہ دے کر عقد نکاح سے آزاد ہوجائے۔

جس طرح مرد کو عورت سے علیحدگی کا حق دینے کی قیود ہیں مثلا:

- جو مہر یا جو سامان اس نے عورت کو دیا تھا اس میں سے کچھ واپس نہ لے۔

- زمانہ حیض میں طلاق نہ دے۔
- تین طہروں میں ایک ایک طلاق دے۔
- عورت کوزمانہ عدت میں اپنے ساتھ رکھے اور جب تین طلاق دے چکے تحلیل کے بغیر عورت کو دوبارہ اپنے نکاح میں نہ لائے۔

مندرجہ بالا سورۃ البقرہ کی آیت229 کے مطابق خلع کے لئے درج ذیل احکامات عورت کے لئے کشید ہوتے ہیں:

1. خلع صرف ایسی حالت میں ہونا چاہیے جب کہ حدوداللہ کے ٹوٹ جانے کا خوف ہو۔
2. جب عورت وقدنکاح سے آزاد ہونا چاہے تو وہ بھی اسی طرح مال کی قربانی گوارا کرنے جیسے طاقت میں مرد کرتا ہے۔
3. معاوضے کا معاملہ دونوں فریقین میں باہمی رضامندی سے طے ہو۔
4. خلع کے لئے صرف اس قدر کافی ہے کہ عورت اپناپورامہر یا اس کا ایک حصہ پیش کر کے علیحدگی کا مطالبہ کرے اور مرد اسے قبول کرے۔
5. اگرعورت فدیہ پیش کرے اورمرد قبول نہ کرے تو اس صورت میں عورت کو عدالت سے رجوع کرنے کا حق ہے، آیت میں " فان خِفتم الا یقیما حدود اللہ کے الفاظ سے ظاہر ہے۔ خِفتم کا خطاب اولی الامر کی طرف ہے جوحدوداللہ کی حفاظت کے ریاستی ذمہ دار ہیں۔ تاکہ وہ عورت کو اس کا جائز حق دلوائیں۔

- اسلامی تاریخ کے خلع کے واقعات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قاضی پند و نصائح کر کے عورت مرد کو ساتھ رہنے کی تلقین تو کر سکتا ہے، مگر اگر تحقیق کے بعد اس پر یہ ثابت

ہو جائے کہ عورت اس مرد کے ساتھ بالکل گزارا نہیں کر سکتی تو وہ اس عورت کو مجبور نہیں کر سکتا۔اگر مرد قاضی کی بات نہ مانے تو وہ اسے قید کرسکتا ہے۔

- خلع کا حکم نبی ﷺ کی تصریح کے مطابق ایک طلاق بائن کا ہے یعنی اس کے بعد زمانہ عدت میں شوہر کو رجوع کا حق نہ ہو گا۔ہاں اگرعورت دو بارہ اس کے ساتھ نکاح کرنا چاہے تو کرسکتی ہے کیونکہ یہ طلاق مغلضہ نہیں ہے جس کے بعد دوبارہ نکاح کے لیے تحلیل شرط ہے۔
- نبی ﷺ نے اس کو ناپسند فرمایا کہ شوہر خلع کے معاوضہ میں اپنے دیئے ہوئے مہر سے زیادہ مال لے۔
- حضرت علی ؓکرم اللہ وجہ نے بھی اس کو مکروہ فرمایا ہے۔ائمہ مجتہدین کا بھی اس پر اتفاق ہے۔بلکہ اگر عورت اپنے شوہر کے ظلم کی وجہ سے خلع کامطالبہ کرے تو شوہر کے لئے سرے سے مال لیناہی مکروہ ہے۔

خلع کی صورتیں:

شرعی طور پر عورت کسی بھی ناقابل برداشت حالات میں مرد سے خلع حاصل کرسکتی ہے مثلاً:

1.ارتداد:

کوئی مسلمان عورت کسی غیر مسلم کے نکاح میں نہیں رہ سکتی۔

2.خیار بلوغ

حضورﷺ نے ایجاباً عورت کو یہ حق دیا ہے کہ نکاح کے معاملے میں اس کی رضامندی حاصل کی جائے۔یعنی ایک بالغ لڑکی کوشریعت نے یہ اختیاردیا ہے کہ وہ اپنے ولی کی مقرر کردہ شادی سے انکار کرسکتی ہے۔

3.ولایت احبار

اگرکسی نابالغ لڑکی کا نکاح اس کا باپ دادا یاکوئی ولی کر دے تو بالغ ہونے پر اس لڑکی کویہ حق حاصل ہو گا کہ وہ نکاح قبول کرے یارد کر دے

حدیث صحیح ہے کہ نبی ﷺ حضرت حمزہؓ کی صاحبزادی کا نکاح کمسنی میں عمر بن ابی سلمہ سے کر دیا اور فرمایا کہ بالغ ہونے کے بعد اسے رد یا قبول کرنے کا اختیار ہے۔اس حدیث سے خیار بلوغ مطلقاً ثابت ہوتا ہے کیونکہ حضورﷺ نے ایسی کوئی تصریح نہیں فرمائی کہ میں کوئی لڑکی کا باپ نہیں بلکہ ابن عم ہوں اس لئے میرا کیا ہوا نکاح اس کے لئے لازم نہیں۔

4.ستم ناردا/ضرار وتعدی:

سورۃالنساء آیت 34 کی روسے شوہرکویہ حق نہیں ہے کہ وہ بلاجائزسبب کے اپنی بیوی پر کسی قسم کی سختی کرے خواہ وہ آزار جسمانی ہویا آزارلسانی۔اگر وہ ایسا کرے تو عورت کو قانون کی پناہ کی بات ہے۔اگر شوہر محض تنگ کرنے کے لئے بار بار طلاق دے کر رجوع کرے گا تو ایسی صورت میں عورت کوحق ہے کہ قانون کا سہارا لے کر اپنی جان چھڑا لے۔

5.عیوب:

قرآن کی رو سے عورت اور مرد کے ازدواجی تعلق میں تحفظ، اخلاق اوباہمی رحمت ومحبت کو اہمیت حاصل ہے۔اگر زوجین میں سے کوئی ایک کسی بھی عیب یابیماری، جو دوسرے کو نفرت کرنے پر مجبور کر دیں یا ایک دوسرے کی طبعی خواہشات پوری نہ ہورہی ہوں تو ایسے میں یہ بات اسلامی قانون ازدواج کے اصول میں سے ہے کہ ازدواجی تعلق زوجین کے مضرت اور حدوداللہ سے تجاوز کا ذریعہ نہ بن جائے۔

عیب مثلاًجرام، برص ، ایسے امراض جو مانع مباشرت ہوں و غیرہ وغیرہ ضرر پہنچانے والے ہیں ۔یہاں تک کہ صرف بدصورتی کی بناء پر بھی اسلامی تاریخ میں فسخ نکاح کی اجازت دی گئی ہے۔لہذا خوف ہے کہ زوجین میں سے کوئی ایک نفرت کی وجہ سے یا اپنی طبعی خواہشات پوری نہ ہونے کی وجہ سے حدوداللہ کو توڑ دے گا۔

6. اگر شوہر نامرد ہو اور عورت تفریق کا مطالبہ کرے تو مخصوص قابل علاج صورتوں میں حضرت عمرؓ کے فیصلے کے مطابق اسے ایک سال تک علاج کی مہلت دی جائے گی۔ناقابل علاج صورت میں تفریق کرا دی جائے گی۔
7. مجنون کے بارے میں حضرت عمرؓ کا فیصلہ یہ ہے کہ اس کے علاج کے لئے ایک سال تک کی مدت مقرر کی جائے، اگر اس مدت میں درست نہ ہو تو اس کی عورت سے جدا کر دی جائے گی۔

8.مفقودالخبر :

مفقودالخبر کا فیصلہ اجتہاد پر ہے۔حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ،حضرت ابن عمرؓ اور حضرت ابن عباسؓ کی رائے یہ ہے مفقود کی بیوی کو چارسال تک انتظار کا حکم دیا جائے اس کے بعد نکاح

کر لے۔یہی رائے سعید بن المسیب،زہری ، عطا اور شعبی کی ہے۔امام مالک نے بھی اسی مذہب کو اختیار کیا ہے۔اور امام احمد کا میلان بھی اس کی طرف ہے۔

دوسری جانب حضرت علیؓ اور حضرت ابن مسعودؓ ہیں جن کی رائے یہ ہے کہ مفقودالخبر کی بیوی کو اس وقت تک صبر کرنا چاہیۓ جب تک کہ وہ واپس نہ آئے یااس کی موت کی تحقیق نہ ہو جائے۔سفیان ثوری، امام ابوحنیفہ اور امام شافعی نے اسی مذہب کو اختیار کیا ہے۔ انتظار کے لئے حنفیہ یہ قاعدہ تجویز کرتے ہیں کہ جب تک مفقود شخص کے ہم عمرلوگ اس بستی یا اس ملک میں زندہ ہوں جب تک اس کی بیوی انتظار کرے۔

مولانا مودودیؒ کے نزدیک اولین رائے قرآن وحدیث کے قاعدوں (ایلاء،کسی ایک بیوی کو معلق نہ چھوڑنا کی تاکید اور سب سے بڑھ کر حدود اللہ کی حفاظت کی ذمہ داری)سے زیادہ قریب ترین ہے۔

9. لعان

شوہر خواہ اپنی بیوی پر بالفاظ صریح زناکا الزام لگائے یا اولاد کے متعلق کہے کہ وہ اس کی نہیں ہے، دونوں صورتوں میں لعان واجب آتا ہے۔نبی ﷺ کے سامنے ایک ایسا مقدمہ پیش ہوا تو آپ ﷺ نے فریقین کو مخاطب کر کے تین مرتبہ فرمایا "اللہ خوب جانتا ہے کہ تم دونوں میں سے ایک جھوٹا ہے۔پھر کیا تم میں سے کوئی توبہ کرے گا۔" جب دونوں نے توبہ سے اعراض کیا تو آپ ﷺ نے قرآن مجید کی ہدایت کے مطابق پہلے شوہر سے چار

قسمیں اس بات پر لیں کہ جو الزام اس نے لگایا ہے وہ صحیح ہے اور پانچویں مرتبہ اس سے یہ کہلوایا گیا کہ اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر خدا کی لعنت، پھر اسی طرح چار قسمیں عورت سے لیں۔

اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا یہ تفریق کا طریقہ ہر لعان کرنے والے زوجین کے درمیان قیامت تک کے لئے۔اس تفریق کے بعد وہ کبھی جمع نہیں ہو سکتے شوہر نے عرض کیا جو مال میں نے اسے مہر میں دیا تھا وہ واپس دلوایا جائے۔آپ ﷺ نے فرمایا مال تجھے نہیں مل سکتا اگر تو نے سچا الزام لگایا ہے تو یہ مال اس تمتع کا معاوضہ ہے جو اس سے اٹھا چکا اور اگر تو نے اس پر جھوٹی تہمت لگائی ہے تو مال کا استحقاق تجھ سے اور بھی زیادہ دور ہو گیا۔(لعان کی تفریق ابدی ہے تحلیل کا قاعدہ بھی اس پر لاگو نہیں ہوتا)

10. ایلاء

جو مرد، ازدواجی تعلقات میں کسی عذر جائز (مثلاً بیماری ،سفر،یارغبت کے باوجود بیوی کے پاس جانے کا موقع نہ ہو) کے بغیر اعراض کریں جس کا مقصد محض اس کو سزا دینا یا تکلیف پہنچانا ہوں ، اس کے لئے قانون اسلام نے زیادہ سے زیادہ چار مہینے کی مدت رہی ہے۔

لِلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِن نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ فَإِن فَاءُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٢٢٦﴾ وَإِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٢٧﴾
(البقرۃ:227-226)

"جولوگ اپنی عورتوں کے پاس نہ جانے کا قسم کھا لیتے ہیں، ان کے لئے چار مہینے کی مہلت ہے، اگر وہ رجوع کرلیں تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور اگر طلاق کا عزم کر لیں تو اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔"

اس مدت کے اندر مرد پر لازم ہے کہ اپنی بیوی سے تعلقات قائم کر لے ورنہ اس کے خاتمے کے بعد اس کو مجبور کیا جائے گا کہ عورت کو چھوڑ دے۔اللہ نے چار مہینے کی مدت مقرر کی ہے اس کے پورا ہونے پر رجوع ہے یا طلاق ہے۔

11. ازواج میں عدل نہ کرنا:

متعدد بیویاں ہونے کی صورت میں کسی ایک کی طرف مائل ہو کر دوسری بیوی یا بیویوں کو معلق رکھ چھوڑنا ظلم ہے جسے قرآن مجید صاف الفاظ میں ناجائز ٹھہراتا ہے۔

فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ (النساء 129)

"کسی ایک کی طرف بالکل نہ جھک پڑو کہ دوسری کو گویا معلق رکھ چھوڑو قرآن مجید میں صاف حکم ہے کہ اگر عدل نہ کر سکو تو ایک ہی بیوی رکھو۔

فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَلَّا تَعُولُوا (النساء:3)

پھر اگر تم کو خوف ہو کہ عدل نہ کرسکو گے تو ایک ہی بیوی رکھو۔یا لونڈی جو تمہارے قبضے میں ہو۔یہ زیادہ قرین مصلحت ہے تا کہ تم حق سے متجاوز نہ ہو جاؤ۔"

قرآن مجید کی اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ جو شخص دو یا زائد بیویوں کے درمیان عدل نہیں کرتا اور ایک کی طرف جھک کر دوسری کے حقوق ادا کرنے میں کوتاہی کرتا ہے وہ ظالم ہے۔تعداد ازدواج کی اجازت سے فائدہ اٹھانے کا اس کو کوئی حق نہیں۔ قانون کو ایسی حالت میں اسے صرف ایک بیوی رکھنے پر مجبور کرنا چاہئے اور دوسری بیوی یا بیویوں کو اس کے خلاف قانون سے دادرسی پانے کا حق ہونا چاہیئے۔

12. بے راہ روشوہر

اگر خلع مانگنے والی عورت اپنے شوہر کا نشوز ثابت کر دے یا خلع کے لئے ایسے وجوہ ظاہر کرے جو قاضی کے نزدیک معقول ہوں تو اس کو مہر کے ایک قلیل جزیانصف کی واپسی پر خلع ملنے کا حق ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ پاک عورتیں پاک مردوں کے لئے اور خبیث مردوں کے لئے خبیث عورتیں ہیں۔

دوسری شادی کا حق:

خلع حاصل کرنے یا بیوہ ہونے کے بعد اسلام عورت کو دوسری شادی کا حق دیتا ہے۔
عدت پوری کرنے کے بعد۔

وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا (النساء 130)

اور زوجین ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں تواللہ اپنے وسیع خزانہ غیب سے ہر ایک کی کفالت کرے گا۔

وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَاءَ ذٰلِكُمْ (النساء 24)

(یہ عورتیں جو تم پر حرام کی گئیں ہیں) ان کے سوا باقی سب کی عورتیں تم پر حلال کر دی گئیں ہیں۔

نبی کریم ﷺ کی زندگی اس کا عملی نمونہ ہے کہ آپ ﷺ نے ایک کے سوا باقی تمام شادیاں کی عورتوں سے کیں، اپنی بعض صاحبزادیوں کی جو بیوہ ہوگئی تھیں ، شادی کرائی جلیل القدر خلفاء اور صحابہ کرامؓ کی تاریخ گواہ ہے کہ ان حضرات نے بیوہ اور مطلقہ عورتوں سے کس کثرت سے شادیاں کیں۔

صحابیات کی زندگی پڑھیں تو بھی پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے خاوندوں کی وفات یا طلاق ،خلع کے بعد دوسری تیسری شادیاں کیں۔فقہاء کرام کی رائے میں بھی نوجوان لڑکی کی شادی بوڑھے مرد کے ساتھ کرنے کے خلاف ہے اس لئے معمر مرد یا مطلقہ مرد کو معمر بیوہ یا مطلقہ سے ہی شادی کرنا چاہئے کہ میاں بیوی میں نباہ ہو سکے۔یہ ایک کار ثواب ہے اور شرعی نقطہ نظر سے ایک پسندید ہ عمل ہے۔

طلاق تفویض کا حق :

طلاق خاوند کے حقوق میں سے ایک حق ہے اسی کو اختیار ہے کہ وہ اپنی بیوی کو خود طلاق دے اور یہ بھی اختیار ہے کہ وہ طلاق دینے کے لئے خود معاملہ عورت کے سپرد کرد ے اور یہ بھی اختیار ہے کہ وہ طلاق دینے میں کسی اور وکیل بنادے۔سپرد کرنا (تفویض)

اور وکیل بنانا توکیل میں سے ہے جو بھی ہو وہ مرد کا حق ساقط نہیں کرتا۔اور نہ اس کو جب چاہے استعمال سے روکتا ہے۔

تفویض، عقد کے وقت یا اس کے بعد بھی جائز ہے مگر یہ طے ہو باہمی ہم آہنگی کے ساتھ اور پختہ شرائط کی بنیاد پر ہو۔

مطلقہ کا حق:(دوران عدت، نان نفقہ کا حق):

جیسا کہ یہ ایک عورت کا حق ہے قرآن وحدیث کے مطابق کہ اس کا شوہر اسے ایکبارگی تین طلاقیں نہ دے (حضرت عمرؓ والے شخص کو کوڑے لگواتے تھے کیونکہ وہ قرآن وحدیث کے بتائے ہوئے طریقے پر عمل نہیں کرتا تھا) بلکہ ہر طہر میں ایک ایک طلاق دے۔اور تین طلاقیں مکمل ہونے سے پہلے اسے اپنے گھر ہی میں رکھے تا کہ آپس میں مصالحت کی گنجائش رہے۔(نسائی)

" محمود بن ولیدؓ کے مطابق ایک دفعہ حضور ﷺ کو ایک شخص کے متعلق بتایا گیا کہ اسنے ایک دفعہ ہی میں تین طلاقیں اپنی بیوی کو دے ڈالیں۔آپ ﷺ سخت غصے میں آ گئے اور اپنی جگہ کھڑے ہو کر فرمایا:" کیا اللہ کی کتاب کے ساتھ کھیل کھیلا جاتا ہے جبکہ میں تمہارے درمیان موجود ہوں ؟حتی کہ ایک آدمی کھڑا ہوا اس نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ کیا میں اسے قتل نہ کر دوں؟ (بحوالہ مشکوۃ المصابیح تحقیق الاسبانی ج۲ص۲۱ حدیث نمبر۱۹_۳۳۹۲)

مطلقہ عورت کا اپنے سابقہ شوہر پر بیان ہے کہ وہ اپنی اس سابقہ بیوی کو گھر سے رخصت کرتے وقت تحفے تحائف دے کر رخصت کرے نہ اس کا مہر نہ اس کا سامان واپس لے چاہے وہ اسے خزانہ ہی کیوں نہ دے چکا ہو۔

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ حَقًّا عَلَي الْمُتَّقِيْنَ ﴿٢٤١﴾ (البقرۃ:241)

"اسی طرح جن عورتوں کو طلاق دی گئی ہو انہیں بھی مناسب طور پر کچھ نہ کچھ دے کر رخصت کیا جائے۔ یہ حق ہے متقی لوگوں پر"

امام ابوحنیفہ کے مسلک کے مطابق:

- طلاق رجعی والی عورت چونکہ عدت شو ہر ہی کے گھر گزارنے کی مکلف ہے لہذاوہ عدت کے دوران خرچہ اورر ہائش دونوں کی حقدار ہے

جبکہ طلاق بتہ والی "بیک وقت تین طلاقیں" پانے والی عورت کے معاملے میں اختلاف ہے۔ اور اگر کسی بھی طلاق والی عورت حاملہ ہوتو اسکی عدت حمل پورا ہونے تک شمار اور اسی طرح خرچ کی حقدار ہوگی۔

- امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک بتہ والی عورت کے لئے خرچہ ہے رہائش نہیں ہے
- امام احمدؒ فرماتے ہیں اس کے لئے خرچہ اور رہائش نہ ہے کیونکہ حضرت فاطمہ بنت قیسؓ کی حدیث ہے کہ اس کے خاوند نے اس کو طلاق بتہ دی

رسول اللہ ﷺ نے اس کو فرمایا تیرے لئے اس پر خرچہ نہ ہے (محمد بن اسمعیل صحیح بخاری حدیث نمبر ۵۳۲۳)۔

امام شافعیؒ اور امام مالکؒ فرماتے ہیں، اس کے لئے بہرحال رہائش ہے لیکن خرچہ نہ ہے الّا یہ کہ وہ حاملہ ہے کیونکہ حضرت عائشہؓ اور ابن المسیب نے فاطمہ بنت قیس کے سامنے اسکی حدیث کو نہ مانا (محمد بن اسماعیل صحیح البخاری حدیث نمبر ۵۳۲۳)

- مطلقہ عورت اگر بچے کو دودھ پلاتی ہے تو شوہر پر لازم ہے کہ دودھ پلانے کا خرچ اپنی سابقہ بیوی کو ادا کرے۔کیونکہ عدت کے سلسلے میں یہ بات اللہ نے فرمادی کہ اگر وہ حاملہ ہوں تو اس پر اس وقت تک خرچ کرتے رہو جب تک بچہ پیدا نہ ہو جائے اور اگر میں دودھ پلائے تو اسے اجرت دو جیسا کہ آیت سے واضح ہے:

وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗ اُخْرٰى ﴿٦﴾ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّا اٰتٰىهُ اللّٰهُ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَا اٰتٰىهَا سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا (سورۃ الطلاق:7-6)

”اور اگر وہ حاملہ ہوں تو ان پر اس وقت تک خرچ کرتے رہو جب تک ان کا وضع حمل نہ ہو جائے۔پھر اگر وہ تمھارے لئے (بچے) کو دودھ پلائیں تو ان کی اجرت انہیں دو اور بھلے طریقے سے(اجرت کا معاملہ)باہمی گفت و شنید سے طے کر لو لیکن اگر تم نے (اجرت طے کرنے میں) ایک دوسرے کو تنگ کیا تو بچے کو کوئی اور عورت دودھ پلائے گی خوشحال آدمی اپنی خوشحالی کے مطابق نفقہ دے۔اور جس کو رزق کم دیا گیا ہو وہ اسی مال میں سے خرچ

کرے جواللہ نے اسے دیا ہے اللہ نے جس کو جتنا کچھ دیا ہے اس سے زیادہ کا وہ مکلف نہیں کرتا۔بعید نہیں کہ اللہ تنگ دستی کے بعد فراخدستی بھی عطا فرمادے۔“

اس آیت سے اصول بالکل واضح ہو کر سامنے آجاتے ہیں کہ

- مطلقہ عورت اگر حاملہ ہے تو اس کا خرچہ حمل ہونے تک ہے۔
- اگر وہ بچے کو دودھ پلاتی ہے تو اس کی اجرت اسے ملے گی۔
- بچے کا باپ اسے مجبور نہیں کرسکتا۔اگر وہ انکار کرتی ہے تو کوئی اورعورت دودھ پلاسکتی ہے۔
- دودھ کی اجرت دونوں کی رضامندی سے طے ہواگر باپ خوشحال آدمی ہے تو اپنی مقدرت کے حساب سے اجرت دے اور اگر تنگ دست ہے تو عورت پرلازم ہے کہ اس کی مجبوری ملحوظ خاطر رکھے۔دوسری صورت میں کم اجرت پر کسی اورعورت سے کام لیا جاسکتا ہے۔
- اگر دوسری عورت نہ مل سکے تو ماں کو مجبور کیا جائے کہ وہ دودھ پلائے اور دونوں طرف سے معتبر آدمی اجرت طے کریں جسے دونوں فریق قبول کرلیں۔
- اگر شوہر کا انتقال اس دوران ہو جائے تورضاعت کی اجرت و ہ شخص ادا کرے گا جو شوہر کے بعد بچوں کا سر پرست ہو گا۔

بچوں کی پرورش کا حق: (حضانت)

اگر والدین میں علیحدگی ہوگئی، ان کا بچہ ہے تو باپ کی نسبت ماں اس کی زیادہ حقدار ہے بشرطیہ کوئی ایسی رکاوٹ نہ ہو جو اس کے مقدم ہونے کو مانع ہو (مثلاً عورت میں پرورش کرنے کی مخصوص شرائط جو پروش کنندہ میں ہوتی ہیں نہ ہو یا کوئی اور شرعی وجہ)یا بچے میں ایساف ہوجواسے اختیار دینے کا تقاضا کرے(یعنی جب بچے کو عورت کی خدمت کی ضرورت نہ رہے)۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے :"ایک عورت نے کہا اے اللہ کے پیغمبر ﷺ یہ میرا بیٹا ہے میرا پیٹ اس کے لئے برتن ہے، میری گود اس کو سنبھالنے والی ہے میرا سین اس کے لئے مشکیزہ ہے۔اس کا باپ کہتا ہے کہ وہ اسے مجھ سے چھین لے گا۔آپ ﷺ نے فرمایا! تو اس کی زیادہ حقدار ہے جب تک تو نکاح نہ کرلے۔"

لہذااگرماں پرورش کی اہل ہے تو یہ باپ کی نسبت اس کا زیادہ حق ہے۔

پرورش کی شرائط:

ماں میں درج ذیل خوبیاں ہوں۔

- اسلام وہ مسلمان ہو۔
- آزاد غلام نہ ہو۔
- امانت اور اخلاق کی مالک ہو۔
- ناسمجھ اور مجنون نہ ہو۔

- شدید ترین بیماری یا کسی ایسی معذوری میں مبتلا نہ ہو جو پرورش میں مانع ہوں اور جس کی وجہ سے وہ بچوں کی دیکھ بھال نہ کر سکتی ہو۔
- اپنے معاملے کی نگران ہو (کتابوں میں بلوغت کا بھی اس کے لئے استعمال کیا گیا ہے)

بیوی کی اجرت

پرورش کی اجرت رضاعت کی اجرت کی طرح ہے ماں اس کی حقدار نہیں ہوتی جب تک وہ ہوئی ہو کیونکہ اس صورت میں اسی کو زوجیت کا خرچہ ملے گا

- مطلقہ عورت کے بچے اپنے باپ کی طرف سے نان نفقہ کے حقدار ہیں۔اگر لڑکی ہو تو وہ اپنی شادی ہونے تک اور اگر لڑکا ہو تو جب تک وہ اپنے پیروں پر کھڑا نہ ہو جائے یا اس عمر تک نہ پہنچ جائے کہ وہ اپنے لئے خود کما سکے۔
- حضانت کی مدت لڑکی کے لئے فقہ حنفی کے مطابق نو برس اور لڑکے کے لئے سات برس ہے۔

ایک مدت کے پورا کرنے کے بعد عورت کو اختیار ہے کہ چاہے تو بچوں کی ذمہ داری لے چاہے انہیں باپ کے حوالے کر دے، اور خود اپنی مرضی سے جہاں چاہے نکاح کرنے پر آزاد ہے۔

وراثت کا حق:

اسلام سے پہلے عورت کے لئے وراثت کا کوئی تصور نہ تھا۔مال صرف اور صرف مردوں کے لئے مخصوص تھا عورتوں کو اس کے متعلق سوچنے کا بھی حق حاصل نہ تھا خاص طور پر بیوی کی

حیثیت سے اسلام نے پہلی مرتبہ عورتوں کو بھی مردوں کے مال میں حق دار ٹھہرایا قرآن کے اس حکم کے بعد وہ اپنی ہر معاشرتی حیثیت میں جائیدادو ذاتی میراث میں رکھنے کی اہل ٹھہری۔

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ ۚ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۚ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكُمْ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ ۚ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ (النِّسَاءَ:12)

"اس ترکہ میں سے جو تمہاری بیویاں چھوڑ جائیں اور ان کی اولاد نہ ہو تو تم کو آدھا ملے گا اور اگر ان کے کچھ اولاد ہوتو تم کو ان کے ترکے میں سے ایک چوتھائی ملے گا۔بہرحال یہ میراث ہے، وصیت کرگئی ہوں تو وصیت اور قرض کی ادائیگی کے بعد ملے گی۔اور جس کوتم چھوڑ جاؤ اور تمہارے کوئی اولاد نہ ہوتو ان بیبیوں کو ترکہ کا چوتھائی حصہ ملے گا اور اگر تمہاری اولاد ہو تو ان کو تمہارے ترکہ میں سے آٹھواں حصہ ملے گا مگر یہ میراث تمہاری وصیت پوری کرنے اور قرض کی ادائیگی کے بعد ملے گی "

قرآن کے اس حکم کے بعد کوئی بھی بیوی کو شوہر کی جائیداد سے محروم نہیں کرسکتا اور جو کرے گا وہ اللہ کے حکم کی نافرمانی کا مرتکب ہوگا۔

شادی کے بعد عورت ، اولاد کے ترکے کی بھی حصہ دار ہوتی ہے۔ اگر ان کی اولاد ان کے سامنے وفات پا جائے۔سورہ النساء کی آیت 11 کے مطابق "میت کے ترکہ میں اگر

میت کی اولاد ہوتو ماں باپ میں سے ہر ایک کا چھٹاحصہ ہے۔اور اگر اس میت کی اولاد نہ ہو اور ماں باپ ہی اس کے وارث ہوں تو اس کی ماں کا ایک تہائی حصہ ہے۔اور اگر میت کے ایک سے زیادہ بہن بھائی ہوں تو اس کی ماں کو چھٹا حصہ ملے گا۔

مرض الموت طلاق سے وراثت کا حق:

مرض الموت میں ملنے والی طلاق پر بھی عورت کو اس کے شوہر سے میراث ملے گی۔

صحابہؓ سے ثابت ہے کہ سیدنا عبدالرحمن بن عوفؓ نے اپنی بیوی **تماضر** کو تین کو مکمل کرنے والی طلاق اپنے اس مرض میں دی جس میں انہوں نے وفات پائی اس کے لئے حضرت عثمانؓ نے ان سے وراثت کا حکم فرمایا۔

حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ سے بھی مروی ہے کہ میں نے اس کو ضرار اور فرار کے لئے طلاق نہیں دی۔

- اسی طرح حضرت عثمان نے اپنی بیوی ام البنین بنت عینیۃ بن حصن انفرادی کو طلاق دی جب کہ وہ اپنے گھر میں محصور تھے، جب وہ شہید کردیئے گئے وہ سیدنا علیؓ کے پاس آئی اور ان کو خبر دی، آپؓ نے اس کے لئے وراثت کا فیصلہ کیا۔
- احناف کہتے ہیں" اگر مریض اپنی بیوی کو طلاق بائن دے وہ اس مرض میں فوت ہو جائے تو وہ اس کی وارث ہوگی اور اگر عدت پوری ہونے کے بعد فوت ہو تو عورت کے لئے وراثت نہ ہوگی۔اسی طرح اس شخص حکم ہے، جو کسی آدمی کے مقابلے کو نکلا یا قصاص یارجم کے لئے قتل کرنے کو پیش کیاگیا، اگر اس صورت میں فوت ہو

جائے یا قتل کر دیا جائے۔اگر آدمی نے اس عورت کو تین طلاق اس کے حکم سے دیں یا اس کو کہا کہ تو اختیار کرلے اس نے اپنا نفس اختیار کرلیا اس سے خلع لے لیا پھر وہ فوت ہو گیا جبکہ وہ عدت میں تھی وہ اسکی وارث نہ ہوگی (پہلی صورت میں طلاق مریض نے دی اور عورت کو وراثت کے حق سے محروم کرنے کی نیت تھی تو عورت کے لئے وہ حق ہے جسے اس کا شوہر ختم کرنا چاہتا تھا جبکہ دوسری صورت میں عورت نے پہلے ہی اپنے لئے اپنی مرضی سے خلع اختیار کی)۔

خاندانی منصوبہ بندی میں عورت کا حق:

اسلام صرف مخصوص،طبّی اور ہر خاندان کے اپنے انفرادی حالات کی بناء پر محدود پیمانے پر منصوبہ کی گنجائش دیتا ہے جو صرف اور صرف متعلقہ مرد اور عورت کے اپنی ذاتی وجوہ اور مخصوص حالات پر منحصر ہیں۔یہ شرائط درج ذیل ہیں:

- بیوی کا نوعمر ہونا اور حمل کا متحمل نہ ہونا۔
- رحم میں کسی بیماری یا نقص کا ہونا۔
- مثانہ میں کمزوری ، در دزہ کے وقت جنین کے سر کے دباؤ کی وجہ سے سرعت اور بے اختیار کا اندیشہ۔
- کسی بیماری کا وجود استقرار حمل یا دردزہ کی صورت میں بڑھ کر ماں کے لئے موت کا سبب بن سکتی ہے۔

- اس کے لئے صحابہ کرامؓ،رسول ﷺ کی زندگی میں عزل کا طریقہ اختیار فرماتے تھے صحیح بخاری میں غزل سے متعلق بیان ہے۔

”حضرت ابوسعید خدریؓ نے بیان کیا کہ (ایک غزوہ میں) ہمیں قیدی عورتیں ملیں اور ہم نے ان سے عزل کیا پھر ہم نے رسول اللہ ﷺ سے اس کا حکم پوچھاتو آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم واقع ایساکرتے ہو تین مرتبہ آپ ﷺ نے فرمایا(پھر فرمایا) قیامت تک جو روح پیدا ہونے والی ہے وہ اپنے وقت پیدا ہوکر دے گی۔“

اسی طرح کی احادیث صحیح مسلم ،سنن ابوداؤد،ترمذی اور سنن نسائی موطا امام مالک میں موجود ہیں۔ان تمام احادیث سے یہی ثابت ہوتا ہے آپ ﷺ نے اس کے بارے میں کہیں سکوت اختیار فرما اور کہیں تعجب کا اظہار فرمایا۔ لیکن یہی تاثر دیا کہ اللہ تعالی نے جس جس کو پیدا کرتا ہے وہ اس کے باوجود پیدا ہوکر رہے گا۔لہذا یہ حرام تو قرار نہیں پاتا البتہ مخصوص حالات میں محدود پیمانے پر کیا جاسکتا ہے اگر چہ اسلام میں اجتماعی نسل کشی اور تشہیر کر کے انہیں رزق کا ڈراوا دے کر اس طرف ترغیب دینے کی گنجائش نہیں ہے صحابہ کرامؓ نے اس کے لئے کوئی اجتماعی تحریک یا ترغیب کا کوئی پروگرام ترتیب نہیں دیابلکہ ہر ایک اپنے انفرادی ماحول میں جیسا مناسب سمجھا اس پر محدود پیمانے پر عمل کیا۔اس سے یہ بات بھی ظاہر ہوتی ہے کہ اولاد کے پیدا کرنے یا کچھ عرصہ منصوبہ بندی کا کوئی پروگرام طے کرنے کا اختیار صرف والدین کو ہے، سربراہ مملکت یا حکومت کا اس میں کوئی عمل دخل نہیں وگر نہ رسول اللہ ﷺ مطلع ہونے پر کوئی تادیبی کاروائی ضرور کرتے یا حرام ہونے کا اعلان واضح طور

پر کرتے یا پھر اسکی کھلی آزادی دے دیتے مگر عزل سے متعلق احادیث پڑھنے سے ان تمام باتوں کی کل نفی ہوتی ہے۔

- اگر عزل کے علاوہ کوئی اور طریقہ اختیار کیا جاتا ہے وہ یہ سوچ سمجھ کر اختیار کیا جائے کہ آیا عورت پر اس کے حاملہ ہونے سے کم تر نقصان دو ہے یا نہیں۔اگر نتائج ایسے نہ ملیں اور دیگر کوئی طریقہ عورت کے جسم، صحت یا زندگی پر عمل سے زیادہ گھمبیر پیچیدگیوں کا سبب بن سکتا ہے تو اس صورت میں ہی طریقہ ناجائز ہوگا اور اس کے مقابلے میں حمل کا ٹھہر جانا عورت کی زندگی اور صحت کے لئے فائدہ مند ہوگا۔

اسقاط حمل کا حق:

قرآن پاک کی سورۃ الانعام آیت 140 میں اللہ تعالی کا فرمان ہے۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ

"وہ لوگ خسارے میں پڑ گئے جنہوں نے اپنی اولاد کو نادانی سے بغیر سمجھے بوجھے قتل کیا اور اس نعمت کو جو اللہ نے ان کو عطا کی تھی اللہ پر افترا باندھ کر اپنے اوپر حرام کر لیا۔"

سورہ بنی اسرائیل آیت 31 میں تاکید کی گئی

وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُمْ إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْئًا كَبِيرًا

”اور تم اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر قتل نہ کرو۔ان کو رزق دینے والے بھی ہم ہی ہیں اور تم کو بھی۔ان کو قتل کرنا ایک بڑی خطا ہے۔“

ان آیات کی روشنی میں یہ بات سامنے آتی ہے کہ اولاد کا قتل کیسے اور کیا ہے؟ لوگ اپنی اولاد کو قتل کیوں کرتے ہیں؟ اس کے کیا معنی ہیں؟یقیناً کوئی بھی والدین اپنی جیتی جاگتی چلتی پھرتی اولاد کو قتل نہ کرے گی جبکہ وہ ذہنی طور پر بالغ اور ہوشمند والدین ہوں۔یہ یقیناً وہی قتل ہے جو اولاد کے نظروں کے سامنے آنے سے پہلے ہوتا ہے یعنی رحم کے اندر یہ کب ہوتا ہے اور قتل کیونکر کہلاتا ہے اس کا جواب ایک حدیث اور فقہاء کرام کے فتوے دیتے ہیں۔

حدیث

حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ اللہ کے صادق ومصدوق پیغمبر ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کا مادہ تخلیق اپنی ماں کے پیٹ میں چالیس روز تک نطفہ کی شکل میں جمع رہتا ہے۔پھر اس کے بعد اتنی ہی مدت منجمد خون کی شکل میں رہتا ہے، پھر اتنے ہی دنوں وہ گوشت کا لوتھڑا رہتا ہے (اور اسی مدت میں اعضاء کی تشکیل اور ہڈیوں کی بناوٹ بھی شروع ہو جاتی ہے) پھر اللہ تعالی چار باتیں دے کر ایک فرش بھیجتا ہے۔یہ فرشتہ اس کے اعمال اور وقت موت اور اس کا رزق لکھتا ہے اور یہ کہ بد بخت ہے یا نیک بخت، پھر اس میں روح ڈالی جاتی ہے

اس حدیث کی روشنی میں چاروں اماموں کے فتوے درج ذیل ہیں۔

- امام ابو حنیفہؒ: اسقاط کی اجازت صرف ایک بنیادی سبب کی بناء 120 دن تک اجازت دیتے ہیں (یعنی ماں کی زندگی بچانے کے لئے) ایک بیوی اس دوران شوہر کی اجازت کے بغیر بھی اسقاط کرواسکتی ہے 120 دنوں کے اندر جبکہ اس کے پاس اس عمل کی بہت بنیادی وجہ موجود ہو
- امام مالک کے فقہ میں اسقاط قطعی حرام ہے۔ان کے خیال میں جیسے ہی مرد کا نطفہ عورت کے نطفے سے ملاپ کرتا ہے اس سے زندہ جسم بنا شروع ہو جاتا ہے۔متوقع طور پر اس لئے اسے چھیڑنے کا کسی کو بھی حق حاصل نہیں۔
- امام شافعیؒ: اسقاط کی 120 دن کے اندر شروط اجازت دیتے ہیں۔
- امام احمد بن حنبلؒ، اسقاط کی 120 دن کے اندر مشروط اجازت دیتے ہیں۔
- امام ابن جوزیؒ: جب رحم نے نطفے کو تھام لیا تو کسی عورت یا مرد یا دونوں باندی کے مالک کو اجازت نہیں کہ اسقاط کرے روح کے دنوں کے بعد (120) دن تو قتل کے مترادف ہے البتہ 40 دن کے اندر اسقاط کی مشروط اجازت ہے وہی بنیادی وجہ کہ ماں کی زندگی یا پہلے بچے کی رضاعت (چکہ پہلا بچہ سوائے دودھ کے کچھ کھاتا پیتا نہ ہو) کہ اسے خوف ہو کہ حمل اس کے دودھ کو ختم کر دے گا۔
- امام غزالی کی رائے یہ ہے کہ" ایک موجود اور حاصل کی ہوئی چیز کو ختم کرنا ظلم ہے۔ فرمایا اس کے کئی درجے ہیں نطفہ م میں گیا اور عورت کے پانی سے مل گیا تو وہ زندگی قبول کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے ایسے عمل کو خراب کرنا حرام ہے۔اگر وہ خون کا لوتھڑا اور گوشت بن گیا تو جرم بڑا ہو جائے گا اور اگر اس میں روح پھونک دی گئی اور اس کی تخلیق برابر (یعنی پوری)ہوگئی تو جرم بھی بڑا ہو جائے گا۔

شادی اور ازدواجی حیثیت دیگر مذاہب میں

اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب میں رائج کردہ ازدواجی قوانین او ر حقوق وذمہ داریوں کے تعین میں واضح فرق محسوس ہوتا ہے۔اگرچہ مذہبی رو سے گھڑے ہوئے قوانین بھی اصل مذہبی روح سے ہٹ کر ہیں۔اس کے علاوہ ان کے شادی کے رسوم و روایات اور قوانین میں ابتداء کے بعد سے اب تک لاتعداد تبدیلیاں اور انقلاب رونما ہو چکے ہیں جس کا ایک اجمالی جائزہ درج ذیل ہے۔

شادی کی تعریف کے بارے میں اہل کتاب کا نقطہ نظر بھی اسلامی روح کے قریب ترین ہے۔ان کے مطابق شادی ایک مرد اور عورت کے سماجی ، مذہبی روحانی اور یا قانونی بندھن کا نام ہے جو ایک خاندان بناتا ہے۔بعض اہل کتاب مسالک ایک ہی صنف سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان شادی کو بھی جائز سمجھتے ہیں۔

دنیا کے تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کسی بھی قانونی، سماجی ، جذباتی ، معاشی استحکام ،خاندانی اکائی بنانے کی غرض سے نسل کی بڑھوتری بچوں کی نشوونما، تعلیم و تربیت ،جنسی تعلقات کو قانونی تحفظ دینے یا محبت کے اظہار کے طور پر شادی کرتے ہیں۔ قریب ترین باہمی تعلقات کا یہ ادارہ ریاست، مذہبی اتھارٹی یا دونوں سے تصدیق شدہ ہوتا ہے۔

(Gough, E, Kathelen (1959)"The Nayars and the definition of marriage"Royal Anthropological institute of Great Birtian &

Ireland.pp.89:23-24.Nver female female marriage is done to keep property with in a family that has no sons .... It's not a form of lesbianism)

تاریخ عروسی:

یورپین تاریخ میں عمومی طور پر شادی دو خاندانوں کے درمیان صرف ایک تجارتی معاہدہ رہا ہے جو وہ اپنی اولاد کو شادی کے بندھن میں باندھ کر طے کرتے تھے محبت یا کسی اور ان کی اس معاہدے کے تحت کوئی خاص اہمیت نہ تھی۔(Hanlon and white .120 p)

قدیم یونان میں ماسوائے باہمی معاہدات اور اس حقیقت کے کہ شادی کرنے والا جوڑا ایک دوسرے کا خیال رکھے گا کوئی خاص تقریب کی ضرورت محسوس نہیں کرتے تھے۔ (Hanlon and white p.116)

شادی شدہ عورت صرف چند حقوق کی مالک تھی اور یہ سمجھا جاتا تھا کہ اس کا کام اپنے شوہر اور بچوں کی دیکھ بھال کرنا ہے۔ (History for Kids Greek Marriage)

- یونان کی طرح، اکثر رومن شادیوں اور طلاق کے لئے کسی خاص سرکاری اور مذہبی اجازت کی ضرورت نہ تھی۔ دونوں کے لئے صرف باہمی رضامندی کافی تھی۔ (White &Hanlon.119)

- روم میں کئی طرح کی شادیوں کا رواج تھا۔ان میں ایک اور روایتی شادی تھی جو Conventio in manum کہلاتی تھی اور اس کے آغاز اور انجام دونوں کے لئے گواہاں اورتقریبات ضروری بھی جاتی تھیں۔(White & Hanlon.119p)

اس طرح کی شادی میں عورت اپنی پرانی فیملی سے ملنے والے تمام حقوق سے محروم اور نئے خاندان سے ملنے والے حقوق کی مالک بن جاتی تھی۔(History link 102.com (Ancient Greek Marriage

دوسری طرح کی شادی آزادانہ طریقے سے انجام پاتی جو کہ sine manu کہلاتی جس میں عورت صرف اپنے سابقہ خاندان کی رکن ہی رہتی۔وہ اپنے باپ کی ملکیت ہی کہلائی اور صرف اسی کی جانب سے ملنے والی میراث کی حقدار تھی۔نئے خاندان سے اسے کوئی حق میسر نہ تھا۔(History link 102.com Ancient Greek Marriage)

- ابتدائی عیسائی دور (30 سے CE 325)ہی سے شادی ایک انتہائی ذاتی معامل سمجھا جاتا رہا ہے جس کے لئے کوئی مذہبی یاسماجی تقریب کی ضرورت نہیں۔یہاں تک کہ 1545 ء کے بعد اس بندھن کے لئے دونوں فریقین کی باہمی رضامندی ضروری سمجھی جانے لگی۔

(Greek Marriage from ancient history about .com roman empire .net marriage)

- شادی کرنے والے جوڑے کو زبانی اقرار کرنا پڑتا تھا کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ شادی کے بندھن میں بند رہے ہیں۔اس کے لئے کسی مبلغ یا گواہ کی ضرورت نہ تھی۔ اس اقرار یاباہمی وعدے کو Verbum کہا جاتا تھا۔

(Kuefler Mathew (2007) The Marriage Revolution in late Antiqiuty: The 32.370-343:doi:10 1177/0363199007304424/http./jfh.sagepub.com/egi/content/short/32/4/343

- وسطی دور سے چرچ کا ایک کام شادیوں کو رجسٹر کرنا بھی ہوتا تھا مگر وہ ضروری نہیں ہوتا تھا۔جبکہ شادی اور ذاتی حیثیت میں ریاستی عمل دخل کا کوئی حصہ نہیں تھا، کیونکہ باہمی اختلافات چرچ عدالت کے ذریعے طے کئے جاتے تھے۔
- وسطی دور میں بھی 1500ء کے بعد 20 سال سے کم عمر لڑکی کی شادی غیر قانونی قرار پائی۔(Marriage .about.com) Roman empire .net marriage)
- 1545 میں مندرجہ بالا کے بالمقابل اصطلاحات Council of Trent نے یکم جاری کیا کہ رومن کیتھولک فرقے میں شادی اس وقت درست سمجھی جائے گی جب تقریب ایک مذہبی رہنما اور دو گواہوں کی موجودگی میں ادا کی جائے۔اسی کونسل نے 1566 میں ایک پاکستان کو قانونی حیثیت دی کہ شادی ایک باشعور مرد اور عورت کے درمیان کا باہمی اتحاد ہے، جبکہ یہ بندھن پوری زندگی انہیں ساتھ رہنے کاذمہ داربنا

تا ہے۔لیکن اس تبدیلی کا دائرہ کار پروٹسٹنٹ اصطلاحات تک نہیں تھا جہاں شادی صرف باہمی اجازت سے ہونی ایک رواج پاچکی تھی۔

کیتھولک اصطلاحات کے تحت شادی رجسٹرڈ کرنے اور اس کے اصول وضوابط طے کرنے میں ریاستی کر دار طے تھا۔مگر 1600تک بہت سے پروٹسٹنٹ یورپین ممالک میں شادی کے معاملات میں ریاست کر دار داخل ہو چکا تھا۔

(Explore Genealogy .co UK Marriage Records)

- جدید ماڈرن دور کے ابتدائی حصے میں جون کیلون اور اس کے پروٹسٹنٹ ساتھیوں نے شادی کی اصطلاحات کو از سر و تربیت دے کر جنیوا کا شادی آرڈیننس نافذ کیا جس کے تحت شادی کی رجسٹر یشن چرچ اور ریاست دونوں کے ذریعے ہونا لازمی قرار پائی۔

(Schofield Phillipp R 2003 Peasant and community in Medieval England1200 .1500 Medieval culture and society New York Palgrave Macmillan p 98)

- انگلینڈ اور ویلز میں 1753 ء میں لارڈ ہارڈوک کے شادی ایکٹ کے مطابق شادی انجام پانے کے لئے تقریب کا ہونا ضروری قرار پایا چنانچہ Fleet Marriage کا رواج شروع ہو گیا۔

(Spitz, Lewis (1987). The Rise of modern Europe) The Protestant Reformation 1517 1559 Harper Torch book p.9 ISBN 0061320692)

اس ایکٹ کے نفاذ کے بعد 1690ء سے 1753 ء تک غیر قانونی اور بے قاعدگی سے ہونے والی 300,000 شادیاں با قاعدہ طور پر صرف Fleet Prison میں انجام پائیں۔

Witte Jr .John (19997) From Sacramento contract: Marriage, Religion and Law in the Western Tradition West Minster John press pp.39 40 ISBN 0664255434

- اس ایکٹ کے تحت Anglican مذہبی پیشوا دو گواہوں کی موجودگی Anglican شادی کے سرکاری طور پر مستند ہونے میں لازمی قرار پائی۔دراں حال یہ کہ اس کا نفاذ یہودی اور Quakers شادیوں تک نہیں تھا ان کی شادیاں ان کے اپنے رسم ورواج کے مطابق ہی انجام پاتی تھیں
- انگلینڈ اور ویلز میں 1837ء کے بعد سے 1836 ء کے شادی ایکٹ کی رو سے سول شادیوں کو بھی قانونی طور پر چرچ شادیوں کا متبادل قرار دے دیا گیا۔جرمنی میں 1875ء سے سول میرج کو سرکاری طورپر تسلیم کیا گیا۔اس قانون کی رو سے سول ایڈمنسٹریشن کے ایک آفیسر کی موجودگی میں دونوں فریقین کا باہمی اقرار شادی کو قانونی حیثیت دینے کے لئے ضروری قرار پایا اور اس باہمی ایجاب و قبول کے بعد ایک مذہبی یا روایتی تقریب کی بھی اجازت دے دی گئی۔

دنیا بھر کے اکثر مما لک جن میں امریکہ یورپ کے ممالک شامل ہیں۔ شادی کی سول اور مذہبی تقریب یا تو ساتھ ادا کی جاتی ہے یاعلیحدہ علیحدہ منعقد کی جاتی ہیں۔اور اس کے لئے جگہ کوئی بھی مذہبی عمارت ہو یا کوئی اور متبادل موزوں جگہ رکھی جا سکتی ہے۔

جنسی حق:

جنسی حق کو اسلام میں شادی کے ذریعے حاصل ہونے والے حقوق میں اہم ترین قرار دیا گیا اور اس کے حصول کے لئے چند شرائط (مہر کی ادائیگی ،نفقہ وغیرہ) کا پورا ہونا بھی لازم طے پایا ہے۔آج تمام تر معاشرتی ابتری کے باوجود اسلامی دنیا میں بہر حال باقی معاشروں کی بہ نسبت ان شرائط وحقوق کا شعور زیادہ پایا جاتا ہے۔مغربی دنیا میں اس کے حصول کے لئے شادی کے بندھن کی ضرورت کو پس پشت ڈال دیا گیا ہے۔غیر شادی شدہ ماؤں اور ناجائز بچوں کی شرح میں روز بروز اضافہ ہے اور اب ان ناجائز بچوں کی غیر قانونی حیثیت کا احساس بھی مٹتا جارہا ہے اور انہیں تسلیم کرنے کی آمادگی کی شرح بڑھ چکی ہے۔

- امریکہ میں National Center for Health Statistics میں بتایا ہے کہ 1992 میں ناجائز بچوں کی پیدائش کی شرح، کل پیدائش کی شرح میں سے 30.1٪ تھی جو کہ 2006ء میں بڑھ کر 38.5٪ ہوگئی ہے۔

- Income Tax Assessment Act 1997 sect995.1(1)"spouse" of a person includes a person who although not leagally married to a person, lives with the person on a penuine domestic basis as the person husband or wife"

- For example john Ruskims faild marriage to Effie Gray

Bawah AA, Akweongo p, simmous R, Philps JF (1999)"women's fears and men's anxieties: the impact of family planning on gender velation in northern Ghana" (PDF).stndes in family planning (population council) 30(1):54.66.doi:10.1111) 4465 1728 | ,1999.00054.ISSN: 0039 3665.http://www.pop council, org/pdst/council articles/sfp/sep.301 Bawah, pdf, Retrieved on 2008 12 29.

امریکہ کے قانون ازدواج کا ماخذ یہودیوں کی شادی کے قوانین (Ketubah in Arawaic) سے لئے گئے ہیں۔جس کے نکات درج ذیل ہیں۔

حقوق وذمّہ داریاں

- شوہریابیوی یا ان کے خاندان کو ایک دوسرے کی جنسی خدمات ،محنت اور پراپرٹی پر کنٹرول حاصل ہو۔
- شوہر یا بیوی ایک دوسرے کے واجب الادا قرض کے ذمہ دار ہوں۔
- شوہر یابیوں میں سے ایک اگر قید یا ہسپتال میں داخل ہوں تو دوسرے کواسکی عیادت کا حق حاصل ہو۔
- شوہر یا بیوی میں سے ایک کسی بھی طور معذور ہو جائے تو دوسرا فریق اس کے معاملات کی نگرانی کا ذمہ دار ہو۔

- ہر فریق، دوسرے فریق کے بچوں کا قانونی سر پرست ہو۔
- بچوں کی بہتری کے لئے دونوں فریقین کی جائیداد کا متحدہ اکاؤنٹ ہو۔
- دونوں فریقین کے خاندانوں کے آپس میں تعلقات قائم ہوں۔

مندرج بالا حقوق و ذمہ داریوں میں مختلف معاشروں میں معمولی تبدیلی ہوسکتی ہے۔

Ventura, sJ, (1995) (PDF) Birth to unmarried mother: United States 1980.92national conter for health statistics ISBN 0 8406 0507 2 http://www.cdc.gov/nchs/data/series/sr21/sr21 053, pdf.retrieved on 2008 12 29

دوسری شادی کا حق:

عیسائی مذہب صرف ایک شادی کو قانونی سمجھتا ہے جبکہ دوسری شادی کو مذہب اجازت نہیں دیتا۔

(Artical Marriage Laws , Marriage restrictions)

شادی اور مذہب:

کیتھولک مسلک کے مطابق "شادی کا بنیادی مقصد انسانی نسل میں اضافہ کرنا ہے۔اور ایسی شادی جس کا مقصد بھی نسل کو آگے بڑھانانہ ہو، کی بنیادی غلط ہے بلکہ میری شادی کے ختم ہونے کا ایک سبب ہے۔

Teenage Birth Rate Rise for First Time since 91 New York Times 2007 12-06

- عیسائی حضرت عیسیٰؑ کے Saints سے یہ عقیدہ منسوب کرتے ہیں کہ "ایک مرد اور ایک عورت کے درمیان شادی خدا کے احکامات میں سے ہے اور اس کے تخلیقی منصوبے میں اس کے بچوں کی ہمیشگی کی منزل کی بنیاد خاندان ہے" وہ بھی عقیدہ رکھتے ہیں کہ ایک مرد اور عورت کی شادی ہمیشہ اور موت کے بعد تک کے لئے ہوتی ہے۔

Ontario consultation on Religious Tolerance (2006 -12-31)"Human Sexuality and gender topic: subject of major concerns to many faith groups

یہودی عقائد کے مطابق شادی ایک مرد اور عورت کے درمیان خدائی احکامات کے تحت ایک بندھن ہے جس میں خدا براہ راست رابطے میں ہے۔اگرچہ یہودی شادی میں نسل کی بڑھوتری صرف اور صرف بنیادی مقصد نہیں لیکن ایک شادی کو احکامات کے تحت نسل ضرور بڑھانی ہے، یہاں بنیادی نقطہ مرداور عورت کے مابین تعلقات کی مضبوطی ہے۔

Homo sexual marriages: ایک ہی جنس کے مابین شادی

(same sex marriages)

دنیا بھر میں مذہبی روایات دومخالف جنس (مرد اور عورت) کے مابین شادی ہی کو شادی سمجھتے ہیں ماسوائے چند ممالک کے جیسے

-Unitarian Umiversalist.

(ایک عیسائی چرچ کے افراد جو عقیدہ تثلیث پر یقین نہیں رکھتے اور انکی با قاعدہ کوئی تعلیمات وضع نہیں ہیں)

-Metropolitan Community Church

-Quaker

(Society of Friend کے ممبران ، یہ ایک عیسائی مذہبی گروپ ہے جو کی بھی با قاعدہ تقریب کے بغیر ملتے جلتے ہیں اور تشدد اور جنگ کے سخت مخالف ہیں۔)

-United Church of Canada.

-United Church of Chirst.

-Reform jewish congregations

یہ چرچ United Presbyterian Church and Free Church of Scotland کے ملاپ سے 1900 میں Scotland میں بنا۔ Presbyterian چرچ Protestant چرچ کی ایک شاخ ہے۔

شادی کے معاشی پہلو :

جدید برطانیہ کے ابتدائی دور میں شادی کرنے والے جوڑے کی معاشی حیثیت برابر ہونے کا تصور تھا۔شادی کے بعد ساری جائیداد (جسے قسمت کا نام دیا جاتا تھا) اور بیوی کی متوقع وراثت شوہر کے قبضے میں آجاتی تھی۔

جہیز اگر چہ ایک غیر شرطیہ چیز تھی مگر شادی کے وسیع پیمانے پر معاہدے کا ایک حصہ تھا۔ مثال کے طور پر اگر دولہے کے پہلے سے بچے تھےتو ان کا اس ماں کے جہیز میں کوئی حصہ نہ تھا۔اور اگر دلہن انتقال کر جاتی تو جہیز واپس اس کے گھر (آبائی) لوٹ جا تا (اگر اس کے بچے نہ ہوتے مگر بعض اوقات اس مرد (شوہر) کی موت کی دوسری شادی کے بعد واپسی ہوتی۔اکثر اوقات بیوی اپنے جہیز کی مقدار کے برابر شوہر کی ملکیت سے بھی حقدار ٹھہرتی۔

- قدیم یہودی روایات میں یہودی ربّی شادی کرنے والے جوڑے کو Ketubah معاہدے کے تحت شادی کرنے پر زور دیتے تھے جس کے تحت یہ بھی ایک شرط ہوتی تھی کہ طلاق کی صورت میں شوہر کو ایک مخصوص رقم اور اسکی موت کی صورت میں اسکی جائیداد کا ایک حصہ اسکی بیوی کو حاصل ہوتا تھا۔یہ مقدار مہر کی اتنی رقم یا دلہن کی قیمت کا ایک نعم البدل تھی جو شادی کے وقت ، دلہا کو دولہن یا اس کے والدین کو ادا کرنی پڑتی تھی

Smith, peter (2000)"Marriage "A concise encyclopedia of the Bahai faith .oxford one world publications pp.p 232-233 ISBN-85168-184-1

یہ طریقہ کار اس لئے اختیار کیا گیا کیونکہ بہت سے مرد حضرات اپنی شادی کی عمر کے وقت جس وقت وہ شادی کرنا چاہتے تھے دولہن کی مطلوبہ قیمت دینے سے قاصر ہوتے تھے، اس لئے ربی حضرات نے رقم دینے کے معاملے کو آئندہ تک کے لئے موخر کر دیا جبکہ وہ اسے ادا کرنے کے قابل ہو سکیں۔

- دلہن کے لئے شادی کے دوسرے دن تحائف بھی دلہن کے والد کی ذمہ داری جو دلہا کی زندگی تک دلہن کے زیر استعمال رہتے تھے مگر اسکی ملکیت اس کے شوہر کی موت کے بعد ہی ہو پاتے تھے۔
- اگر بیوی کو ملنے والی وراثت کا حصہ کسی قانون کے تحت مقرر ہوتا، نہ کہ کسی آپس کے معاہدے کے تحت، تو اس بھی مہر قرار دیا جاسکتا تھا اور اس حصے کو وہ اپنی موت تک بھی ضائع نہ کر سکتی تھی اگر یہ سب کچھ اسے کسی مخصوص معاہدے یا قانونی نظام کے تحت ملا ہوتا ،اسی طرح وہ اس حصے سے دستبردار ہو جاتی تھی اگر وہ دوسری شادی کر لیتی ۔ صبح کے تحائف کی روایات کئی صدیوں تک جاری رہی تا کہ کسی دلہن کی کمزور معاشی اسے یا اس کے بچوں کو وراثت میں یا سماجی حیثیت دلا نے میں نا کائی کی صورت میں ان کا معاشی با راٹھا سکے۔
- ایک اور قانونی شرط جو بیوہ کے لئے مقرر تھی وہ تھی کہ مرد کی جائیداد خاص طور پر زمین کا ایک حصہ میاں بیوی دونوں کی ملکیت میں رکھا جاتا اور شوہر کی وفات کے بعد وہ بیوہ کا حق بن جاتا ہے۔

جدید روایات:

آج تک کئی صدیوں پہلے سے یہ طے پایا جاچکا ہے کہ شادی کرنے والے جوڑے کے ہر فریق کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اپنی جائیداد علیحدہ رکھے یا دوسرے فریق کے ساتھ مشترکہ ہو۔ موخر الذکر میں یہ Community property کہلاتی ہے اور طلاق کی صورت میں ہر فریق کو آدھی جائیداد حصے میں ملتی ہے کچھ ممالک میں شادی شدہ جوڑوں کو یہ اجازت ہوتی ہے کہ وہ سرکاری طور پر دونوں کمائی کی اوسط ظاہر کریں۔چناچہ یہ ان جوڑوں کے لئے فائدہ مند رہتا ہے جن کی کمائیاں متنوع ہوتی ہیں۔ مگر کچھ حکومتیں ایک اوسط کمائی کے اوپر بلند ٹیکس کی شرح عائد کرتے ہیں۔یوں اسطرح اوسط کمائی کا فائدہ جہاں ایک طرف شادی شدہ جوڑے میں سے کسی ایک کے گھر بیٹھنے کی وجہ سے انکو حاصل ہوتا ہے وہاں دوسری طرف حکومت کا اوسط کمائی پر ٹیکس کی شرح کا بلند کر دینا اس فائدے کا متبادل ہو جاتا ہے۔اس کو عام طور پر شادی کا جرمانہ کہا جاتا ہے۔اگر دونوں میاں بیوی کی اوسط کائی ٹیکس کا اطلاق نہ ہو اور انفرادی کمائیوں کو جمع کر کے ان کے اوپر ٹیکس کی شرح جب نافذ کی جاتی ہے تو یقیناً ایسی شرح کہیں زیادہ بلند ہوتی ہے اور یہ پہلے سے بھی زیادہ بڑا جرمانہ بن جاتی ہے۔اس نظام کو Progremme tax system کہا جاتا ہے اور اس کا اطلاق ان پر ہوتا ہے جو زیادہ ٹیکس ادا کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔یہ نظام مثال کے طور پر کینیڈا اور آسٹریلیا میں لاگو ہوتا ہے۔

پاکستان میں رائج فیملی لاز پر ایک نظر

پاکستان میں رائے فیملی لاز ، ضابط قوانین اور مذہبی بنیادوں پر مرتب کئے گئے روایتی قوانین کا امتزاج ہیں۔

اس وقت تقریبا 51 فیملی لاءزرائج ہیں جن میں سے 37 وفا قی جبکہ بقیہ صوبائی سطی کے ہیں۔(تفصیل کے لئے کتابچے کے آخر میں شامل ضمیمہ ملاحظہ کیے تقریباً16 فیملی لاز (9 وفاقی اور 8صوبائی) مسلمان آبادی سے متعلق ہیں۔3 عیسائی آبادی کے لئے ، 1 ہندؤں کے لئے جبکہ 1 قانون ساز پارسیوں اور سکھوں کے خاندانی ازدواجی معاملات کے لئے نافذ العمل ہیں۔

چند اہم فیملی لاءز جو پاکستان کی مسلم اکثریتی آبادی کے لئے رائج الوقت ہیں وہ درج ذیل ہیں ۔

(تفصیلی فہرست ضمیمہ کے ساتھ منسلک ہے)

- Dissolution of Muslim marriage Act 1939
- Muslim Family Law Ordinance 1961
- Family Courts Act 1964
- Muslim personal Law (shariat) 1937
- Application Act
- NWEP Muslim Personal Law (shariat) 1935
- Application Act
- West Pakistan Muslims Personal 1962
- Law (shariat) Application Act
- Muslim Personal Law (sindh) Amendment 1950 Act

- The Bridal Gift (Restriction) Act 1976
- مسلم فیملی لاءز آرڈنینس 1961، شادی ٹوٹنے کی صورتوں ،نفقہ اور مہر کے تنازعات سے متعلق ہے، جبکہ شادی ٹوٹنے کی صورتوں کو1939 Dissolution of Muslims Marriage Act میں بیان کیا گیا ہے، یا جو بھی صورت جو ایک عورت خلع کی درخواست کے ساتھ پیش کرتی ہے۔اگر چہ اس نے فیملی لاءز آرڈینَنس کے تحت ہی کیوں نہ درخواست دائر کی ہو۔(سیشن 8)
- Bridal Gift (Restation) Act 1976جہیز سے متعلق دیگر شقوں پر بالا تر ہے جبکہ Family Court Act 1964 ان تمام حقوق سے متعلق طریقہ کار کو وضع کرتا ہے۔
